CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد نمبر 18 | ہفتہ 07 جون 2025ء، 10 ذی الحجہ 1446ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ 157

شہباز شریف اور سعودی ولی عہد کی ملاقات، دو طرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق

دونوں رہنماؤں نے مسئلہ فلسطین کے منصفانہ اور پائیدار حل کیلئے غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا، سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے دورہ پاکستان کی دعوت قبول کر لی

وزیراعظم شہباز شریف نے عمرہ کی سعادت حاصل کر لی، خانہ کعبہ کا دروازہ کھولا گیا، نوافل کی ادائیگی، بنیان مرصوص کی فتح پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا، ملک کی سلامتی اور فلسطین کے بھائیوں کیلئے خصوصی دعائیں

دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات میں خطے کی سیکیورٹی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، وزیراعظم شہباز شریف نے پاک بھارت کشیدگی کم کرانے پر سعودی قیادت کے کردار کا شکریہ ادا کیا

ریاض، مکہ مکرمہ (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف اور آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے سعودی ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز سے ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان گہرے، اسٹریٹیجک اور برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا گیا۔ وزیراعظم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

متحدہ عرب امارات اور مصر کا غزہ میں جنگ بندی اور دو ریاستی حل کا مطالبہ

ایک ایسا حل ہو جو سب کے لیے استحکام اور سلامتی کو یقینی بنائے، اماراتی صدر

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات اور مصر نے غزہ میں جنگ بندی کے لیے کوششیں تیز کرنے اور دو ریاستی حل کی بنیاد پر ایک واضح سیاسی افق تلاش کرنے کی ضرورت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

سعودی وزیر خارجہ اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کا رابطہ

دونوں رہنماؤں نے اعلیٰ سطحی بین الاقوامی کانفرنس کی تیاریوں کا جائزہ لیا

ریاض (این این آئی) سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس سے ٹیلی فون پر رابطہ کے دوران اعلیٰ سطحی بین الاقوامی کانفرنس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری امریکی سینیٹر ٹام کاٹن سے کیپیٹل ہل پر ملاقات کر رہے ہیں۔

جنگ بندی کروانے پر امریکی قیادت کی تعریف کی مستحق، پاک بھارت مذاکرات کروانے کیلئے بھی صدر ٹرمپ کو کردار ادا کرنا چاہیے، چیئرمین پی پی پی

بھارت کی مذاکرات سے ہچکچاہٹ معنی خیز ہے، بلاول بھٹو

بھارت کا 42 کروڑ پاکستانیوں کا پانی بند کرنے کا عندیہ ایک وجودی خطرہ ہے، امریکی حکومت، ارکان کانگریس پاک بھارت بامقصد بات چیت میں معاونت کریں

پاکستانی وفد کا دورہ "امن کا مشن" ہے، وزیراعظم شہباز شریف نے وفد کو امن کا مشن دیا ہے، اس مشن میں بھارت سے بات چیت اور سفارت کاری کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کرنا شامل ہے

جنگ بندی خوش آئند ضرور ہے لیکن یہ محض ایک آغاز ہے، حقیقت یہ ہے کہ پوری دنیا آج اس بحران کے آغاز کے وقت زیادہ غیر محفوظ ہے، پاکستان اور بھارت کے درمیان مکمل جنگ کی حد آج ہماری تاریخ میں کبھی بھی اتنی کم نہیں رہی

واشنگٹن ڈی سی: (آئی پی ایس) بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ بھارت کا 24 کروڑ پاکستانیوں کا پانی بند کرنے کا عندیہ ایک وجودی خطرہ ہے، امریکی حکومت، ارکان کانگریس پاک بھارت بامقصد بات چیت میں معاونت کریں۔ پاکستان کے اعلیٰ سطح پارلیمانی سفارتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم محمد شہباز شریف، آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور پاکستانی وفد نے عمرہ ادا کیا

ملک بھر میں عیدالاضحیٰ آج مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منائی جائیگی

صدر مملکت کی عیدالاضحیٰ کے مبارک موقع پر عالم اسلام اور پوری پاکستانی قوم کو دلی مبارکباد

یہ دن ایمان، قربانی، ایثار اور بھائی چارے کے جذبے کو از سر نو زندہ کرنے کا دن ہے، آصف علی زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے عیدالاضحیٰ کے مبارک موقع پر عالم اسلام اور پوری پاکستانی قوم کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن ایمان، قربانی، ایثار اور بھائی چارے کے جذبے کو از سر نو زندہ کرنے کا دن ہے۔ عیدالاضحیٰ حضرت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

پاکستان ڈیجیٹل اکانومی کے شعبہ میں قیادت کیلئے تیار ہے، بلال بن ثاقب

وزیر مملکت برائے کرپٹو بلاک چین بلال بن ثاقب کی امریکی حکام سے ملاقات

واشنگٹن (این این آئی) وزیر مملکت برائے کرپٹو بلاک چین بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ پاکستان ڈیجیٹل اکانومی کے شعبہ میں قیادت کیلئے تیار ہے، ملک کی نوجوان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

غزہ اور مغربی کنارے میں اس وقت بھیانک صورت حال ہے، اقوام متحدہ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے عالمی رہنماں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اسرائیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

عیدالاضحیٰ، اسلام آباد پولیس کا سکیورٹی پلان جاری

اسلام آباد (صباح نیوز) عیدالاضحیٰ کے موقع پر اسلام آباد پولیس نے سکیورٹی کا جامع پلان جاری کر دیا۔ ڈی آئی جی اسلام آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

سابق سینیٹر عباس آفریدی گیس لیکج دھماکے میں جاں بحق ہو گئے

عباس آفریدی حجرہ عظیم باغ میں گیس لیکج کے باعث ہونے والے دھماکے میں زخمی ہو گئے تھے

عباس آفریدی کی نماز جنازہ بابری بانڈہ کوہاٹ میں ادا کی گئی

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ میں گیس لیکج کے باعث ہونے والے دھماکے میں زخمی ہونے والے سابق سینیٹر عباس آفریدی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے انتقال کر گئے۔ پولیس کے مطابق عباس آفریدی گزشتہ روز اعظم باغ میں گیس لیکج دھماکے میں زخمی ہوئے تھے، بعدازاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

سعودی عرب، حج مقامات پر 18.3 ملین کالز کی گئیں

مکہ مکرمہ (این این آئی) سعودی کمیونیکیشن، سپیس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

وزیراعظم محمد شہباز شریف مکہ المکرمہ میں ولی عہد اور مملکت سعودی عرب کے وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز سے ملاقات کر رہے ہیں۔

بہادر سیکیورٹی فورسز پر قوم کو فخر ہے، محسن نقوی

دہشتگردوں کے مکمل خاتمے تک آپریشنز جاری رہیں گے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا بلوچستان کے ضلع کچھی میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین، سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کے 2 دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا، وزیر داخلہ محسن نقوی نے فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کو انجام تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

بھارت سندھ طاس معاہدے پر یکطرفہ فیصلہ نہیں کر سکتا، خواجہ آصف

پاکستان کے پاس اس معاملے کو اٹھانے کے بہت سے آپشن ہیں

اسلام آباد (آئی پی ایس) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بھارت سے جنگ جیتنے کے بعد کشمیر پر پاکستان کا موقف مزید مضبوط ہوا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بھارت سندھ طاس معاہدے پر یکطرفہ فیصلہ نہیں کر سکتا، پاکستان کے پاس اس معاملے کو اٹھانے کے بہت سے آپشن ہیں۔ مسئلہ کشمیر کے حوالے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

عیدالاضحیٰ پر وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کی طرف سے پوری قوم کو مبارکباد

آج حضرت اسماعیلؑ کے آداب فرزندی کو سلام پیش کرنے کا دن ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی صدر اور وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے عیدالاضحیٰ پر ساری قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس تہوار کی برکات سمیٹنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اپنے پیغام میں عبدالعلیم خان کا کہنا تھا کہ آج حضرت اسماعیلؑ کے آداب فرزندی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

عیدالاضحیٰ کے موقع پر جامع صفائی پلان کو حتمی شکل دیدی، بیرسٹر سیف

عوامی شکایات کے بروقت ازالے کیلئے مرکزی کنٹرول روم قائم

پشاور (بیورو رپورٹ، نمائندہ مسلمان، این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر جامع صفائی پلان کو حتمی شکل دے دی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عوامی شکایات کے بروقت ازالے اور مانیٹرنگ کیلئے مرکزی کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

فلسطینیوں کی نسل کشی پر پاکستان مسلم اور ہم خیال ممالک کا اجلاس بلائے، نعیم الرحمن

بھارت کو شکست دینے کے بعد پاکستان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل مسلم ممالک اور ہمارے ہم خیال ممالک کے حکمرانوں اور فوجی سربراہوں کا اجلاس بلائیں

مصنوعی بنیادوں پر اعداد و شمار سے معیشت کبھی بہتر نہیں ہو سکتی جب عام آدمی اور تنخواہ دار طبقے پر ٹیکس بڑھے گا اور جاگیرداروں کو چھوٹ ملے گی

کراچی (آئی پی ایس) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی کے ذمہ دار ہیں، ٹرمپ نے امن کے بجائے جنگ کو اہمیت دی اور غزہ میں فلسطینیوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

بجٹ میں صنعتوں کے فروغ کے نئے منصوبوں کیلئے فنڈز رکھنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں صنعتوں کے فروغ کے نئے منصوبوں کے لیے فنڈز رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بجٹ تجاویز سے متعلق دستاویز میں پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

ڈنمارک میں حجاب پر پابندی کو تعلیمی اداروں تک بڑھانے کا منصوبہ

سرکاری اداروں میں مذہب کا عمل دخل کم ہونا چاہیے، ڈینش وزیراعظم کا بیان

کوپن ہیگن (این این آئی) ڈنمارک کی وزیراعظم میٹے فریڈرکسن نے اعلان کیا ہے کہ ان کی حکومت مکمل چہرہ ڈھانپنے والے اسلامی نقاب (برقعہ، نقاب) پر پہلے سے موجود پابندی کو اسکولوں اور جامعات تک بڑھانا چاہتی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وزیراعظم نے یہ بیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

عید کے تینوں روز پارک میں صرف فیملیز جا سکیں گی

فیصلے کا اطلاق عید کے تینوں روز ہوگا، ضلعی انتظامیہ نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں عیدالاضحیٰ پر لیک ویو پارک اور دامن کوہ پارک کو فیملی پارک قرار دیدیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں عیدالاضحیٰ کے تینوں روز پارک میں صرف فیملیز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کھیل سیل پوائنٹ منڈی بہاؤالدین کے دورے کے دوران شہریوں سے فیڈ بیک لے رہے ہیں، کمشنر گوجرانوالہ نوید شیر ازی بھی ساتھ ہیں۔

پاکستان میں بہت مضبوط لیڈر شپ ہے، امریکی صدر ٹرمپ

پاکستان میں بہت مضبوط لیڈر شپ ہے۔ واضح رہے کہ صدر ٹرمپ پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کی بات ایک درجن بار دہرا چکے ہیں

10 مئی کو ڈونلڈ ٹرمپ نے ہی اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر اعلان کیا تھا کہ پاکستان اور بھارت جنگ بندی پر متفق ہو گئے ہیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر پاک بھارت جنگ بندی میں مرکزی کردار ادا کرنے کی بات دہرا دی۔ جرمن چانسلر فریڈرک مرٹز سے وائٹ ہاؤس میں ملاقات کے دوران گفتگو میں صدر ٹرمپ نے کہا فخر ہے کہ 2 ایٹمی ریاستوں کے درمیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

پاکستان کی عید پر بیروت اور لبنان پر اسرائیلی حملوں کی شدید مذمت

اقوام متحدہ اور ثالث ممالک سے اسرائیلی جارحیت کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے اسرائیلی افواج کی بیروت سمیت لبنان کے دیگر علاقوں پر فضائی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے اقوام متحدہ اور ثالث ممالک سے اسرائیلی جارحیت کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ دفتر خارجہ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ عیدالاضحیٰ کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

آصفہ بھٹو زرداری کی اٹلی کے قومی دن کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

کراچی (این این آئی) خاتون اول اور رکن قومی اسمبلی پی پی آصفہ بھٹو زرداری نے اٹلی کے قومی دن کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت۔ یہ تقریب قونصل جنرل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ملتان: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی ریسٹورنٹ کے افتتاح کے موقع پر فیتہ کاٹ رہے ہیں۔

عید کے بعد سکولوں میں 30 روزہ سمر کیمپ لگانے کی اجازت

محکمہ سکول ایجوکیشن کی جانب سے ڈیڑھ ماہ کے سمر کیمپ کی سمری مسترد کر دی

لاہور (این این آئی) محکمہ سکول ایجوکیشن کی جانب سے ڈیڑھ ماہ کے سمر کیمپ کی سمری مسترد کرتے ہوئے عید کے بعد صرف 30 روزہ سمر کیمپ کی اجازت دے دی گئی۔ محکمہ سکول ایجوکیشن نے 16 جون سے 31 جولائی تک سمر کیمپ لگانے کی اجازت مانگی تھی، عید کی چھٹیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

عید قربان سے ایثار ہمدردی اور اخوت کا درس ملتا ہے، ڈاکٹر راغب نعیمی

عیدالاضحیٰ کے موقع پر عوام صفائی و ستھرائی کا مکمل خیال کریں، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

لاہور (این این آئی) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر محمد راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ عید قربان سے ایثار ہمدردی اور اخوت کا درس ملتا ہے، عیدالاضحیٰ کے موقع پر عوام صفائی و ستھرائی کا مکمل خیال کریں، عیدالاضحیٰ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عظیم سنت کی یاد دلاتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ داخلہ کے کنٹرول روم کا دورہ کر رہے ہیں۔

ملک میں پانی کا بحران مزید بڑھنے کا خدشہ

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں پانی کا بحران مزید بڑھنے کا خدشہ ہے، واپڈا نے پانی کی دستیابی اور آمد کے اعداد و شمار جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ملک میں مہنگائی کی شرح میں معمولی کمی کا رجحان

اسلام آباد (این این آئی) رواں ہفتے ملک میں مہنگائی کی شرح معمولی کم ہو گئی، ایک ہفتے میں 18 اشیا سستی، 6 مہنگی، 27 کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

لاہور: صوبائی وزیر بلال یاسین، اہل ڈیلیو ایم سی کے عید اجتماعی کیمپس کا افتتاح کر رہے ہیں۔

پاکستان کشمیر بارے مودی کے گمراہ کن بیانات مسترد کرتا ہے، دفتر خارجہ

جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیاں ہو رہی ہیں، نریندر مودی نے ایک بار پھر پاکستان پر پہلگام حملے کا الزام لگایا ہے

مودی بغیر کسی ثبوت کے پاکستان پر الزام تراشی کر رہا ہے، جموں و کشمیر بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ متنازعہ علاقہ ہے

اسلام آباد: (آئی پی ایس) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان نے نریندر مودی کے بیانات مسترد کر دیا۔ وفاقی دارالحکومت سے جاری بیان میں دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ پاکستان جموں کشمیر کے بارے نریندر مودی کے گمراہ کن بیانات کو مسترد کرتا ہے، اس طرح کے بیانات کا مقصد کشمیر سے بین الاقوامی توجہ ہٹانا ہے۔ ترجمان نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

پنجاب کی جیلوں میں عید قربان پر قیدیوں کے لیے خصوصی مینو جاری

قیدیوں کو عید کے تینوں روز لذیذ پکوان فراہم کیے جائیں گے، آئی جی میاں فاروق نذیر

لاہور (سٹاف رپورٹر، مسلمان نیوز، این این آئی) آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں فاروق نذیر نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر پنجاب بھر کی جیلوں کے لیے خصوصی کھانے کے مینو کے احکامات جاری کر دیئے، قیدیوں کو عید کے تینوں روز لذیذ پکوان فراہم کیے جائیں گے۔ جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

سنت ابراہیمی اللہ کی راہ میں قربان کرنے کا درس دیتی ہے، سردار سلیم حیدر خان

کشمیر اور فلسطین کے مسلمانوں کو بھی یاد رکھنا ہے، اللہ تعالیٰ انکے مصائب میں کمی کرے

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ پوری قوم اور امت مسلمہ کو عیدالاضحیٰ کی خوشیاں مبارک ہوں۔ انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ اپنے اندر ایثار کا جذبہ پیدا کرنے کا نام ہے۔ سنت ابراہیمی ہمیں اللہ کی راہ میں اپنا سب کچھ قربان کر دینے کا درس دیتی ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ ڈیکام کی عالمی یوم ماحولیات کانفرنس کے موقع پر ایل سمارٹ سٹی کے جنرل مینیجر علی نصیر کو ایوارڈ دے رہے ہیں۔

اولمپک میڈلسٹ کے گھر ڈکیتی؛ کروڑوں کا سامان چوری

تیراک نے پیڈنگٹن پولیس اسٹیشن میں چوری کی شکایت درج کروا دی

اسلام آباد (این این آئی) 5 بار کے اولمپک گولڈ میڈلسٹ ایان تھورپ کے گھر چوری کی واردات ہوئی ہے، جس کے باعث وہ کروڑوں روپے کا سامان سے محروم ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آسٹریلوی سوئمنگ لیجنڈ ایان تھورپ کے گھر سے ڈاکوؤں ڈیڑھ لاکھ ڈالر (یعنی پاکستانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد میں غیر قانونی مویشی منڈیوں کے خلاف کارروائیاں

سڑکوں کے کنارے اور سرکاری خالی پلاٹوں پر قائم 103 غیر قانونی مویشی منڈیاں ختم

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد میں غیر قانونی مویشی منڈیوں کے خلاف سی ڈی اے اور ایم سی آئی کی مشترکہ کارروائیاں کرتے ہوئے سڑکوں کے کنارے اور سرکاری خالی پلاٹوں پر قائم 103 غیر قانونی مویشی منڈیاں ختم کر دی گئیں، 1675 جانوروں کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

پہلی مرتبہ عیدالاضحیٰ پر سبز مصالحہ جات سستے داموں فروخت ہو رہے ہیں، عظمیٰ بخاری

عظمیٰ بخاری نے مارکیٹ میں آویزاں سستے سبز مصالحہ جات کی ریٹ لسٹوں کی ویڈیوز بھی شیئر کر دیں

پاکستان کی تاریخ میں کبھی کسی عید سے پہلے کسی وزیراعلیٰ نے دن رات کی محنت سے قیمتیں نہیں بڑھنے دیں

لاہور: (آئی پی ایس) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پہلی مرتبہ عیدالاضحیٰ پر سبز مصالحہ جات سستے داموں فروخت ہو رہے ہیں۔ اپنے بیان میں وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں کبھی کسی عید سے پہلے کسی وزیراعلیٰ نے دن رات کی محنت سے قیمتیں نہیں بڑھنے دیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

اولمپک میڈلسٹ کے گھر ڈکیتی؛ کروڑوں کا سامان چوری

تیراک نے پیڈنگٹن پولیس اسٹیشن میں چوری کی شکایت درج کروا دی

اسلام آباد (این این آئی) 5 بار کے اولمپک گولڈ میڈلسٹ ایان تھورپ کے گھر چوری کی واردات ہوئی ہے، جس کے باعث وہ کروڑوں روپے کا سامان سے محروم ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آسٹریلوی سوئمنگ لیجنڈ ایان تھورپ کے گھر سے ڈاکوؤں ڈیڑھ لاکھ ڈالر (یعنی پاکستانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں کارروائی، فتنہ الہندوستان کے 2 دہشت گرد ہلاک

آپریشن فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا، 2 دہشت گرد جہنم واصل ہو گئے

دہشت گردوں سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا، ہلاک دہشت گرد علاقے میں دہشت گردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث تھے

راولپنڈی: (آئی پی ایس) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں فتنہ الہندوستان کے 2 دہشت گرد جہنم واصل ہو گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقہ کولپور میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا۔ آپریشن فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد میں غیر قانونی مویشی منڈیوں کے خلاف کارروائیاں

سڑکوں کے کنارے اور سرکاری خالی پلاٹوں پر قائم 103 غیر قانونی مویشی منڈیاں ختم

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد میں غیر قانونی مویشی منڈیوں کے خلاف سی ڈی اے اور ایم سی آئی کی مشترکہ کارروائیاں کرتے ہوئے سڑکوں کے کنارے اور سرکاری خالی پلاٹوں پر قائم 103 غیر قانونی مویشی منڈیاں ختم کر دی گئیں، 1675 جانوروں کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

سینیٹ انتخابات کا فوری اعلان اور صوبے کو اس کا حق دیا جائے، اسد قیصر

عید کے بعد ہر صوبے میں آل پارٹیز کانفرنس کریں گے، تمام اپوزیشن جماعتوں کو آل پارٹیز کانفرنس میں بلانے کی کوشش کر رہے ہیں

حکومت نے بات چیت کے لیے کوئی رابطہ نہیں کیا التاہم پر مزید دباؤ ڈالنے کی کوشش کی، سابق اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ سینیٹ انتخابات کا فوری اعلان کیا جائے اور صوبے کو اس کا حق دیا جائے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ سینیٹ انتخابات میں تاخیر کیلئے حربے استعمال کیے جا رہے ہیں، پہلے ہی فضا بنائی گئی کہ سپریم کورٹ نے کیا فیصلہ دینا ہے۔ اسد قیصر نے کہا کہ ابھی فیصلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

وزیراعلیٰ سندھ کا عیدالاضحیٰ پر قیدیوں کیلئے 120 دن کی معافی کا اعلان

یہ معافی ہر اہل قیدی کی تاریخ وار شیٹ اور معافی ریکارڈ میں درج کی جائے گی

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عیدالاضحیٰ 1446 ہجری (2025) کے موقع پر سندھ بھر کی جیلوں اور اصلاحی مراکز میں قید سزا یافتہ قیدیوں کے لیے 120 دن کی خصوصی معافی کی منظوری دے دی ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ کا کہنا ہے کہ یہ خصوصی معافی تمام سزا یافتہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اداریہ

آپ کی رائے

وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کا مشترکہ دورۂ کوئٹہ

وزیراعظم محمد شہباز شریف اور پاک فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اپنے مشترکہ دورۂ کوئٹہ کے دوران بلوچستان کے معاملات میں سدھار پیدا کرنے کے لیے گرینڈ جرگے کا انعقاد کیا۔ کوئٹہ کے زہری آڈیٹوریم میں گرینڈ جرگے میں شریک ہونے والے قبائلی عمائدین کے ساتھ بات چیت اور بلوچستان میں سکیورٹی کی تبدیل ہوتی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس میں خاص طور پر بھارت کی جانب سے جاری پراکسی جنگ پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اپنے خطاب میں وزیراعظم نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ بلوچستان میں بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والی پراکسیز نے امن کو خراب کرنے، صوبے کو غیر مستحکم کرنے اور حکومت پاکستان اور مسلح افواج کی قیادت میں ترقیاتی اقدامات کو متاثر کرنے کی اپنی سازشیں تیز کر دی ہیں۔ شہباز شریف نے اس بات پر زور دیا کہ فتنہ الہندوستان جیسے دہشت گرد گروہ مقامی لوگوں کی حمایت چاہتے ہیں جس سے انھیں انکار کرنا چاہیے۔ عمائدین کی قیادت اور تعمیری کردار کی تعریف کرتے ہوئے وزیراعظم نے قبائلی سطح پر شمولیت اور اس بات کو یقینی بنانے کی مسلسل ضرورت کا اعادہ کیا کہ دہشت گردوں کو کوئی سماجی جگہ نہ ملے۔ اسی طرح، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اپنے خطاب میں کہا کہ بھارت کی سپانسرڈ پراکسی جنگ اب ڈھکی چھپی نہیں رہی۔ یہ ہماری قوم، ترقی اور امن کے خلاف چھیڑی جانے والی کھلی دہشت گردی کی مذموم کارروائی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جو بھی دشمن ہماری خودمختاری کو چیلنج کرے گا اسے منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ قوم اور بہادر بلوچ عوام کی غیر متزلزل حمایت سے پاک فوج اندرونی ہو یا بیرونی ہر دشمن کو کچل دے گی۔ ہمارے پاس بلوچستان میں سرگرم دہشت گرد نیٹ ورکس کے پیچھے بھارت کے ہاتھ ہونے کے ٹھوس ثبوت موجود ہیں۔ دشمن کے ناپاک عزائم ہر صورت ناکام بنائیں گے۔ پاک فوج ہر خطرے سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ بلوچستان کے امن پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ پاکستان کا مستقبل بلوچستان کے استحکام اور خوشحالی سے جڑا ہے۔ جرگے کے اختتام پر قبائلی عمائدین نے حکومت اور افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی بھی کیا۔ جرگ قبائلی عمائدین کی طرف سے حکومت پاکستان اور مسلح افواج کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہونے کے متفقہ عہد کے ساتھ اختتام پذیر ہوا اور بلوچستان کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم کا خطاب علاقائی اور داخلی سلامتی کی ترقی کے درمیان پاکستان کے دفاعی اداروں کو مضبوط بنانے کے لیے حکومت کے گہرے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ اپنے خطاب کے دوران وزیراعظم نے ابھرتے ہوئے اور باہمرد خطرات کے پیش نظر پیشہ ورانہ مہارت، آپریشنل تیاری اور تزویراتی دور اندیشی کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ خاص طور پر بلوچستان جیسے حساس خطوں میں، جہاں بھارتی سپانسرڈ دہشت گرد پراکسی ہمارے لوگوں کو نشانہ بناتے ہیں اور ہماری ترقی اور خوشحالی کو متاثر کرنا چاہتے ہیں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ بلوچستان میں معاملات کو بگاڑنے میں ہمارا اپنا بھی ہاتھ ہے اور ہمیں اس بات کا اعتراف کرتے ہوئے بہتری کی کوشش کرنی چاہیے۔ اس سلسلے میں یہ بھی ایک قابل ذکر بات ہے کہ بلوچستان اور بلوچ عوام کی خوشحالی کے لیے کئی مرتبہ ترقیاتی پیکیجز کا اعلان تو کیا گیا ہے کہ لیکن اس سلسلے میں ٹھوس اقدامات بہت کم ہوئے ہیں۔ اسی وجہ سے بلوچ عوام میں ایسی محرومیاں پائی جاتی ہیں جن کا فائدہ اٹھا کر امن دشمن عناصر انھیں ورغلاتے ہیں اور پھر انھیں پاکستان کے خلاف اقدامات کرنے کی طرف لایا جاتا ہے۔ بھارتی خفیہ ادارے ریسرچ اینڈ اینالسس ونگ (را) کے افسر کلبھوشن سدھیر یادیو کے اعترافی بیان سے یہ بات پوری طرح واضح ہو چکی ہے کہ بھارت کی پراکسیز بلوچستان میں موجود ہیں اور وہ وہاں حالات کو خراب کرنے کے لیے مختلف قسم کی کارروائیوں میں مصروف رہتی ہیں۔ ہم نے معرکہ حق میں دشمن کو ناکوں چنے چبوا کر یہ ٹھوس پیغام دیا ہے کہ اگر وہ پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھے گا تو اس کا نتیجہ کیا نکلے گا۔ میدان جنگ میں بدترین ہزیمت کا سامنا کرنے کے بعد اب دشمن چین سے نہیں بیٹھے گا اور وہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں اپنی پراکسیز کے ذریعے تخریب کاری کی اپنی کوششوں کو تیز کر دے گا۔ اس صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہمیں ایسا لائحہ عمل ترتیب دینے کی ضرورت ہے جس سے ایک طرف دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملایا جا سکے اور دوسری جانب ملکی معیشت کو مضبوط اور مستحکم بنایا جائے تاکہ صرف دوست ممالک ہی نہیں بلکہ پوری بین الاقوامی برادری ہماری بات کو اہمیت دے اور ہمارے موقف کی تائید و حمایت کرے۔ اسی سلسلے میں بلوچستان کی محرومیاں ترجیحی بنیادوں پر دور کرنے کی ضرورت ہے۔ اب ماضی کی طرح ترقیاتی پیکیجز کا محض اعلان کر کے بلوچ عوام کو مطمئن نہیں کیا جانا چاہیے بلکہ ایسے ٹھوس اقدامات کیے جانے چاہئیں جن کے ذریعے بلوچستان کے لوگوں کو اپنے مسائل حل ہوتے ہوئے نظر آئیں۔ جب تک بلوچستان کی محرومیاں دور نہیں کی جاتیں اسے قومی دھارے میں لانا مشکل ہوگا۔ ہمیں اس بات کا اچھی طرح اندازہ ہے کہ ہمارا دشمن بلوچ عوام کے اہم مسائل کو اجاگر کر کے کس قسم کی چالیں چل رہا ہے۔ ان چالوں کا توڑ اسی صورت ہو سکتا ہے کہ بلوچ عوام کے جائز حقوق انھیں دیے جائیں اور ان کی محرومیوں کا ازالہ کیا جائے۔ ساتھ ہی ساتھ ایسی حکمت عملی بھی تشکیل دی جانی چاہیے کہ مستقبل میں ایسے مسائل پیدا نہ ہوں جو ملک کے کسی ایک حصے میں بسنے والے لوگوں کے دلوں میں احساس محرومی کو اس حد تک بڑھا دیں کہ وہ خود کو ملک کے دیگر باسیوں سے الگ تھلگ سمجھنا شروع کر دیں۔

پاکستان کی خوش آئند سفارتی کامیابیاں

جنگی جنون میں مبتلا بھارت کے خلاف مقدمہ پیش کرنے کیلئے پاکستان کا وفد پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں نیویارک پہنچا جہاں مختلف اہم شخصیات سے ملاقات کر کے پاکستان کا کیس پیش کر رہا ہے۔ یہ وفد سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوٹیرس اور جنرل اسمبلی کے صدر سے بھی ملاقات کرے گا اور گذشتہ ماہ کی بھارتی جارحیت پر انہیں پاکستان کے موقف سے آگاہ کرے گا۔ یہ وفد غیر وابستہ ممالک کی تنظیم کے ارکان سے بھی ملاقات کرے گا اور او آئی سی گروپ کو بریفنگ دے گا۔ دوسری جانب نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کا افغان ہم منصب امیر خان سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں دونوں جانب سے باہمی اعتماد کے فروغ کیلئے قریبی تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کا اظہار کیا گیا۔

محمد اکرم چوہدری

قیامت کا یقین ہی کامل ایمان

اے ایمان والو قیامت سے پہلے سنبھل جاؤ۔ میرا تو یقین ہے کہ جو کچھ فلسطین میں ہو رہا ہے اور عالم اسلام سمیت جس بے حسی سے دنیا نفسی نفسی میں لگی ہوئی ہے دنیا اس وقت صرف یہودیت ہندوازم کو بچانے پر لگی ہے اور مسلمان صرف مال دولت کی دھن میں مگن ہے اور بھول بیٹھے ہیں کہ کبھی قیامت بھی واقع ہونی ہے اور آج کے حالات یہ اشارہ دے رہے ہے کہ قیامت قریب ہے ویسے تو قیامت یوم حساب ہے ورنہ تو جب کسی کی موت واقع ہو جاتی ہے اسکی قیامت کا آغاز ہو جاتا ہے کیونکہ اب اسکے پاس کچھ اچھا یا برا کرنے کا اختیار نہیں رہتا درج ذیل احادیث قیامت اور آخرت کا منظر نامہ ہے کہ شاید اصلاح احوال میں ہمارا حصہ شامل ہو جائے شاید کے ہم فکر کر سکیں کہ ہم نے اللہ کے حضور حاضر ہونا ہے اور اللہ ہم سے ہمارے اعمال کو تولیں گے ورنہ ہمارے اعمال تو اس لائق نہیں ہیں کہ ہم اپنے آپ کو اللہ کے حضور پیش کرنے کے قابل جانتے ہوں مگر رب رحمان ہے رحیم ہے نبی پاک اللہ کے محبوب اور امت سے بے پناہ محبت اور امت کی تکلیف کو اپنی تکلیف جانتے ہوئے اللہ سے سفارش فرمائیں گے تو یقین کامل ہے کہ اللہ جو 70 ماؤں سے زیادہ محبت کرتے ہیں کیا ماں اپنی اولاد کو آگ میں جلتے ہوئے دیکھ سکتی ہے کوئی ظالم ماں بھی یہ برداشت نہیں کر سکتی ہمارا رب اتنا رحمان رحیم ہیں کہ ہم کہ بخشے جائیں گے انشاء اللہ تحریر میں کمی کوتاہی ممکن ہے معافی کی درخواست کیساتھ درخواست دعا اس تحریر میں بہت سے علماء اکرام کا حصہ ہے میں شاید اس کا اہل نہیں مگر نیت یہ ہی کہ اللہ امت مسلمہ کے لوگوں کو فکر کا اظہار کرنا ہم سب کا فرض ہے اس لیے اس میں اپنا حصہ ڈال دیا ہے قبول کرنے والا ہماری اصلاح فرما دے

''نفسی نفسی'' کی صداؤں میں ''یا رب امتی امتی'' کہنے والے ہمارے نبی خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کروڑوں درود وسلام جن کے ذریعہ دین الٰہی پوری امت مسلمہ تک ذریعہ خیر و برکت ونجات پہنچا۔

یا اللہ! ہر لمحہ ہمارے علم، عمل، رزق، صحت اور ایمان میں برکتیں نازل فرما۔ آمین

میدان حشر کی تفصیل (قرآن وحدیث کی روشنی میں)

قرآن میں ہے: (ترجمہ)

(سورۃ ابراہیم :48)

''جس دن زمین بدلی جائے گی دوسری زمین سے، اور آسمان بھی۔'' اس کا مطلب ہے کہ حشر کا میدان اس زمین پر نہیں بلکہ ایک نئی زمین پر ہو گا۔ زمین بالکل ہموار ہو گی، نہ کوئی پہاڑ، نہ وادیاں، نہ درخت، نہ سایہ۔

سورۃ طٰہٰ: (ترجمہ)

''وہ تم سے پہاڑوں کے بارے میں پوچھتے ہیں، کہو: میرا رب ان کو ریزہ ریزہ کر دے گا اور زمین کو ہموار میدان بنا دے گا۔'' سورج ایک میل کے فاصلے پر ہو گا۔ لوگ اپنے اعمال کے مطابق پسینے میں ڈوبے ہوں گے، بعض کے ٹخنوں تک، بعض کے گھٹنوں تک، بعض کے ناک تک۔

ہر شخص تنہا، تنہا اور بے یار و مددگار ہو گا:

حضرت عائشہؓ نے پوچھا: ''یا رسول اللہ! کیا مرد و عورت سب ننگے ہوں گے؟'' آپؐ نے فرمایا: ''اے عائشہ! اس دن لوگوں کو اپنی حالت کی ایسی فکر ہو گی کہ کسی کو کسی کی پرواہ نہ ہو گی۔'' لوگوں کو ان کے اعمال نامے دیئے جائیں گے، نیکوکاروں کو داہنے ہاتھ میں۔ بدکاروں کو بائیں ہاتھ میں (یا پیچھے سے)۔ اعمال کا وزن کیا جائے گا، جس کا پلڑا بھاری ہو گا وہ کامیاب۔

شفاعت کبریٰ (بڑی سفارش):

لوگ مختلف انبیاء کے پاس جائیں گے، سب معذرت کریں گے، پھر نبی کریمؐ شفاعت کریں گے۔ سات طرح کے لوگوں کو عرش الٰہی کا سایہ نصیب ہو گا، جب اور کوئی سایہ نہ ہو گا۔ قیامت کا میدان حشر، اسلامی عقائد کے مطابق، وہ مقام ہے جہاں تمام انسانوں کو اللہ کے سامنے جمع کیا جائے گا تاکہ ان کے اعمال کا حساب کیا جائے۔ اس کے بارے میں قرآن مجید اور احادیث میں تفصیلی ذکر ملتا ہے۔ ذیل میں اس کی تفصیل بیان کی جا رہی ہے

میدان حشر کی خصوصیات

میدان حشر کا دقیق وقت اور مقام صرف اللہ کو معلوم ہے۔ قرآن میں سورۃ النازعات (79:42-44) میں ارشاد ہے کہ قیامت کا علم صرف اللہ کے پاس ہے۔ احادیث کے مطابق یہ ایک وسیع و عریض میدان ہو گا جہاں تمام انسان، جنات، اور دیگر مخلوقات جمع ہوں گی۔ احادیث میں ذکر ہے کہ سورج زمین کے بہت قریب ہو گا، جس سے شدید گرمی ہو گی، اور لوگ اپنے اعمال کے مطابق پسینے میں ڈوبے ہوں گے (صحیح مسلم، حدیث نمبر 2864)۔ لوگ شدید خوف اور اضطراب میں ہوں گے۔ قرآن (سورۃ الحج، 22:1-2) میں بیان ہے کہ اس دن لوگ اپنے بچوں، خاندان، اور دیگر چیزوں کو بھول جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہر شخص کے اعمال کا حساب لیں گے۔ سورۃ الانبیاء (21:47) میں ارشاد ہے کہ رائی کے دانے کے برابر بھی عمل ضائع نہیں ہو گا۔

حضرت اسرافیل علیہ السلام صور پھونکیں گے، جس سے تمام مخلوقات مر جائیں گی اور پھر دوبارہ زندہ کی جائیں گی (سورۃ الزمر، 39:68)۔ ہر شخص کو اس کے نامہ اعمال پیش کیا جائے گا۔ نیک لوگ اپنا نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں اور گنہگار بائیں ہاتھ یا پیٹھ کے پیچھے سے لیں گے (سورۃ الحاقہ، 69:19-25)۔ اعمال کی پیمائش کے لیے میزان (ترازو) قائم کیا جائے گا (سورۃ الانبیاء، 21:47)۔ جنت اور جہنم کے درمیان ایک پل صراط ہو گا، جس سے گزرنا ہو گا۔ نیک لوگ تیزی سے گزر جائیں گے، جبکہ گنہگار گر جائیں گے (صحیح بخاری، حدیث نمبر 7439)۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا حوض کوثر ہو گا، جہاں سے مومنین پانی پی سکیں گے (صحیح بخاری، حدیث نمبر 6579)۔ لوگ ننگے پاؤں، برہنہ، اور غیر مختون ہوں گے، لیکن اللہ کی رحمت سے شرم محسوس ہو رہی ہو گی (صحیح بخاری، حدیث نمبر 6526)۔ ہر شخص اپنے اعمال کے مطابق مختلف حالت میں ہو گا۔ کچھ لوگ آرام میں ہوں گے، جبکہ کچھ شدید عذاب کی حالت میں۔

اللہ سے دعا ہے کہ ہم پر رحم فرما دے مرنے سے پہلے اصلاح نصیب فرما دے یا اللہ ہم پر اپنے محبوب کے صدقے کرم کر دے معاف کر دے بہت گنہگار اور برے ہیں ہم پر رحم فرما دے وقت سے پہلے توفیق عطا فرما دے آمین، ہم بہت گنہگار اور بے تحاشا لاپرواہی اور دنیا کے معاملات میں اس حد تک جلتا ہیں کہ اپنا اچھا برا بھی بھول جاتے ہیں اللہ رحم فرما رحم فرما رحم فرما۔

رقیہ غزل

حاضر ہوں، اے اللہ، میں حاضر ہوں!

مسلمانان عالم کے لیے عید قربان دوگنا خوشیوں کا دن ہے کیونکہ اسی دن ایک طرف تو مسلمانوں کی اکثریت مکہ مکرمہ میں فریضہ حج ادا کرتی ہے اور دوسری طرف سنت ابراہیمی کی بجا آوری کا روح پرور نظارہ ہوتا ہے۔ بلاشبہ مسلمانوں کے لیے رمضان المبارک کی طرح یہ مہینہ بھی فضائل کے لحاظ اور نزول رحمت خداوندی کیلئے خاص اہمیت کا حامل ہے۔ حج ایک جامع اور مکمل عبادت ہے، احرام باندھنا اس بات کی علامت ہے کہ ہم نے دنیا سے اپنا تعلق منقطع کر کے اپنی آخرت سنوارنے کا عزم کر لیا ہے۔ اب ہمارا اولین مقصد صرف اور صرف رضائے خداوندی ہے ہم تمام زیب و زینت ترک کر کے اللہ کے حضور حاضر ہو گئے ہیں کہ جس لباس میں مردہ قبر میں اتارا جاتا ہے اس لباس کو پہن کر آسائشوں کو بھول کر منیٰ، مزدلفہ اور میدان عرفات میں سربسجود ہیں اور زبان پر ''لبیک اللھم لبیک'' کی صدائیں ہے کہ یا اللہ میں حاضر ہوں تو رحیم و کریم ہے ہمیں معاف فرما اور ہماری زندگیوں کو اپنے احکام اور سوۂ رسولؐ کے مطابق گزارنے کی توفیق عطا فرما۔ اس ایمان افروز دن پر اس دن کی بھی تجدید کی جاتی ہے کہ جب حضرت ابراہیمؑ اور ان کے فرمان بردار اور اطاعت شعار فرزند حضرت اسماعیلؑ نے رضائے الٰہی اور خوشنودی ء خداوندی کی تکمیل کر کے تمام نسل انسانی کے لیے تسلیم و رضا اور اطاعت و استقامت کی لازوال مثال پیش کی، اللہ تعالیٰ کو یہ ادا اتنی پسند آئی کہ حضرت اسماعیلؑ کو ذبح اللہ اور حضرت ابراہیمؑ کو خلیل اللہ کے القابات سے نوازا گیا کہ ان کے صبر و استقامت اور اطاعت و فرمانبرداری کو رہتی دنیا تک شریعت محمدیؐ میں دینی اور ملی شعار اور واجب عبادت کا رکن قرار دے دیا گیا بلاشبہ یوم عید الاضحیٰ مسرت و شادمانی اور رضائے الٰہی کے آگے بلا چون و چرا سربسجود ہونے کا دن ہے اس روز سعید کو تمام مسلمانان عالم اپنے رب العزت کے احکام کے تحت ''سنت ابراہیمی'' کی اتباع کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے حضور ''قربانی'' پیش کرتے ہیں اور اسی مناسبت سے اس مبارک روز میں دین حق کے پیروکاروں پر انعامات الٰہی کا نزول ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ بھی اس دن سچے دل سے معافی مانگنے والوں کو معاف فرما دیتے ہیں۔ ان دنوں امت مسلمہ فریضہ حج ادا کر رہی ہے، لبیک کی صدا سے فضائیں گونج رہی ہیں ایک پرنور اور روح پرور منظر ہے، مزدلفہ، منیٰ اور عرفات ہر جگہ تا حد نظر ''اللہ کے مہمان'' اللہ کو پکارتے اور سسکتے دکھائی دے رہے ہیں۔ ایک ہی رنگ کے لباس اور ایک ہی خیال، صرف خدا کا ڈر اور خدا سے بخشش طلب کرنے کی لگن لئے لاکھوں، کروڑوں انسان سر بسجود ہیں اور ایک ہی پکار ہے ''حاضر ہوں میں، اے اللہ میں حاضر ہوں'' مسجد نمرہ سے جاری ہونے والے خطبہ حج میں بھی اسی عزم کو تازہ کیا جاتا ہے کہ اپنی زندگی کا ہر لمحہ خدائے باری تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی میں گزارا جائے گا مگر افسوس ہے کہ مسلمان ''سفر مقدس'' سے واپس آتے ہی اس عہد کو بھول جاتا ہے۔ جبکہ یہی عہد لیکر دنیا میں آتا ہے اور اسی عہد کو مسلسل تازہ کرتا ہے مگر ذاتی اغراض و مقاصد کی طلب اور چاہت اور وسواس میں مبتلا ہو کر انہی تعلیمات کو پس پشت ڈال دیتا ہے شاید اسی لیے شیطان نے کہا تھا کہ اے اللہ! میں تیرے بندوں کو بہکاؤنگا اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا کہ ''بے شک جو میرے حقیقی بندے ہیں ان پر تیرا بس نہ چلے گا تیرا بس تو صرف ان پر چلے گا جو تیری پیروی کریں'' فلسفہ حج اور قربانی ہمیں یہ سوچنے پر بھی مجبور کرتا ہے کہ کیا ہم ''واقعی'' خدا کے حقیقی بندے ہیں کہیں ایسا تو نہیں کہ اپنی دنیاوی کشش اور ذاتی اغراض و مقاصد کی بھوک میں شیطان کا کہا سچ تو نہیں کر چکے جبکہ شیطان کو کنکریاں مارتے ہوئے بھی یہ عہد کیا جاتا ہے کہ اے شیطان ہم تیرے بہکاوے میں کبھی نہیں آئیں گے ہم بھی تجھے کنکریاں مار کر دھتکارتے ہیں اور خود کو اللہ کی رضا کیلئے وقف کرتے ہیں۔

ہمیں فلسفہ عید سمجھنے کی ضرورت ہے کہ عید نئے کپڑے پہن کر دو رکعت فرض نماز اپنی اپنی جداگانہ مساجد میں اللہ تعالیٰ کے حضور نذرانہ عقیدت و سعادت پیش کرنے کے بعد قربانی کا جانور کاٹ کر گوشت کھانے اور تقسیم کرنے کا نام نہیں بلکہ ''ایاک نعبد و ایاک نستعین'' کے عملی اقرار کا دن ہے جبکہ ہم رسمی عید مناتے ہیں، اقرار تو کرتے ہیں مگر طریقہ رسولؐ پر نہیں چلتے بلکہ ان باتوں پر عمل کرتے جنھیں بعض فرقہ پرستوں نے وضع کیا ہے جبکہ اللہ پاک کو ہمارا خون اور گوشت نہیں بلکہ تقویٰ پہنچتا ہے۔

بہر حال ہر ایک درد کی شدت چھپائی جائے گی۔ عید تو عید ہے آخر منائی جائے گی کہ حادثات و سانحات کا غم بھی حاوی رہیگا۔ ہم ان مسلمان بھائیوں، بہنوں، بچوں اور اپنے فوجی جوانوں کو کیسے بھلا سکتے ہیں جو بھارتی دہشت گردی اور مودی کے جنگی عزائم کا مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہو گئے اور دوسری طرف، کشمیر، فلسطین، غزہ، شام اور دنیا کے دوسرے ممالک میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ بھی ناقابل برداشت ہے۔ اگر اپنے ملک کی طرف بھی دیکھیں تو دہشت گردی نے ہمیں پھر جکڑ لیا ہے، خوف کے سائے چارسو پھیلے ہوئے ہیں، بھارت کی آئے روز مضموم کارروائیاں بڑھ رہی ہیں۔ ایسے میں بس دعا ہے کہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ امت مسلمہ کو سکون اور آسانیاں عطا فرمائے تاکہ ہر جگہ مسلم امہ پر چھائے ہوئے غم کے بادل ہٹ جائیں خدا کرے کہ یہ عید ہماری زندگیوں میں وہ خوشیاں لائے جنھیں پھر کبھی زوال نہ ہو مگر ایک بات ارباب اختیار سے ضرور کہونگی کہ عید پر پیغامات جاری کرتے ہوئے ایک مرتبہ ان پیغامات کو بغور پڑھئے گا کہ واقعتاً آپ فلسفہ عید کو سمجھ کر سمجھا رہے ہیں یا رسمی طور بیان جاری کر رہے ہیں۔۔ جبکہ آج کے دور میں احکام الٰہی اور اسوہ رسولؐ پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے کہ اسی میں ہمارے لیے دنیا و آخرت سنوارنے کا راز پنہاں ہے اللہ کے نبیؐ کے طریقوں کو چھوڑ کر اپنے وضع کردہ طریقے اپنا کر ہم فرقہ بندی اور فتنوں کا شکار ہو کر کمزور ہو رہے ہیں۔ آج کے دن اس پر غور کر کے متحد اور اچھے مسلمان بننے کی ضرورت ہے کہ ہماری زبان ہی نہیں بلکہ دل بھی کہہ اٹھے کہ حاضر ہوں میں۔۔ اے اللہ۔۔ میں حاضر ہوں!۔

الطاف احمد

تھائی لینڈ میں چار دن

ہم اس وقت تھائی لینڈ کے شہر پتایا کہ ساحل سے ایک چھوٹی کشتی کے ذریعے سمندر کے اندر لکڑی کے بنے ایک بہت بڑے پلیٹ فارم پر موجود تھے۔ وہاں لگ بھگ اڑھائی تین سو کے قریب لوگ تھے جو ہیرا گلائیڈنگ سے لطف اندوز ہونے کے لیے اپنی اپنی باری کا انتظار کر رہے تھے اور 10-15 لڑکے جو سارے نظام کو کنٹرول کر رہے تھے ایک ایک بندے کو گلائیڈنگ کے لیے بلا رہے تھے۔ ہمارے گروپ لیڈر نے ہمیں بھی وہاں قطاروں میں لوگوں کے ساتھ بیٹھنے پر بٹھا دیا۔ ایک صحت مند سالڑ کا تمام لوگوں کو ہیرا گلائیڈنگ کے لیے ہدایات دے رہا تھا۔ اس کا کہنا تھا کہ اگر آپ میں کوئی شوگر کا مریض ہے یا بلڈ پریشر کا، کسی کو بخار ہے یا کسی کو کوئی بھی بیماری ہے تو اسے پریشان ہونے کی بالکل بھی ضرورت نہیں کیونکہ وہ پھر بھی ہیرا گلائیڈنگ کر سکتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں ہر ایک کو ہیرا گلائیڈنگ کے لیے تیار کر رہا تھا مگر اس کی باتیں بھی مجھ میں اتنی ہمت پیدا نہ کر سکیں کہ میں بھی ہیرا گلائیڈنگ کا ارادہ کر لیتا۔ میں نے دوستوں کو کہا کہ میں یہاں ساجد خان بالوچ صاحب کے پاس بیٹھوں گا آپ لوگ ضرور اس سے لطف اندوز ہوں۔ وہاں کی کوئیشن اچھی تھی، میں نے اس موقع کو غنیمت جانا اور نامور اینکر پرسن اسد اللہ خان جو کہ ہمارے ساتھ ہی اس گروپ میں شامل تھے، کو پکڑ لیا اور ان کا ایک انٹرویو ریکارڈ کر لیا۔ فروری کے مہینے میں پاکستان میں تو عام طور پر کافی ٹھنڈ ہوتی ہے لیکن تھائی لینڈ میں موسم کافی گرم ہو چکا تھا۔ خان صاحب اور میں نے وہیں سے دو ناریل لیے اور اس کا فریش جوس پینے لگے۔ ہم دونوں آپس میں باتیں کر رہے تھے تو اس دوران مجھے ایک شخص کی باتوں کی آواز سنائی دی جو میری بیک سائیڈ پہ بیٹھا تھا، وہ کہہ رہا تھا کہ میں پاکستانی ہوں اور مظفر گڑھ کے فلاں علاقے کا رہنے والا ہوں۔ اس کے پاس ہمارے ہی گروپ کا بیٹھا شخص بھی شاید مظفر گڑھ کا تھا اس لیے وہ اسے سمجھا رہا تھا کہ ہمارا گھر کس جگہ ہوتا تھا۔ وہ اسے اپنی کہانی سنا رہا تھا کہ پاکستان میں ہمارا کپڑے کا بہت اچھا کاروبار تھا لیکن 2007 میں پاکستان میں شدید لوڈ شیڈنگ شروع ہو گئی، جس کی وجہ سے ہمارا کام بہت زیادہ متاثر ہوا اور میں ذہنی شفٹ ہو گیا لیکن وہاں بھی سیٹ ہو سکا، اس کے بعد میں ساؤتھ افریقہ گیا وہاں بھی میرا کام نہ چلا۔ میں دھکے کھاتا ہوا یہاں تھائی لینڈ آ گیا اور یہاں یہ کام شروع کر دیا۔ جب میں نے اس کی یہ بات سنی تو مڑ کر پیچھے دیکھا۔ اس شخص کا چہرہ مجھے مانوس سا لگا۔ اس شخص کے سر بال کم تھے اور اس نے فرنچ داڑھی رکھی ہوئی تھی، آنکھوں پر چشمہ لگا رکھا تھا اور گلے میں سونے کے بڑی بڑی چینز پہن رکھی تھیں اور ہاتھوں میں سونے کی انگوٹھیاں۔ اس شخص کو دیکھتے ہی میں سوچنے لگا کہ میں نے اسے پہلے کہاں دیکھا ہے؟ تھوڑی دیر سوچتا رہا تو اچانک میرے ذہن نے کلک کیا کہ اسے تو میں کہیں نہیں ملا البتہ اس کی شکل ہمارے دوست ڈاکٹر الیاس صاحب سے بہت زیادہ ملتی ہیں۔ اب میں اس کی باتیں زیادہ توجہ سے سننے لگا۔ کمال یہ تھا کہ اس شخص کی شکل ہی ڈاکٹر صاحب سے نہیں ملتی تھی بلکہ اس کے بات کرنے کا انداز بھی حیران کن حد تک ڈاکٹر صاحب جیسا تھا۔ خیر میں خاموشی سے اس کی کہانی سنتا رہا۔ اتنے میں اس نے ہم سب دوستوں کے لیے چائے منگوالی۔ وہ بتانے لگا کہ میں جب یہاں تھائی لینڈ کے شہر پتایا میں آیا تو یہاں ہیرا گلائیڈنگ کرانے والوں میں انڈین چھائے ہوئے تھے۔ میں نے بھی یہاں

ثوبیہ خان

جھکی نظر کا شکریہ

ہم عجیب بے حسی کے دور میں جی رہے ہیں مشینی اور مادی سوچ نے ہمارے احساسات کا گلا گھونٹ دیا ہے۔ بند مٹھی سے جیسے ریت تیزی سے نکلتی جاتی ہے اور مٹھی چند منٹ میں خالی ہو جاتی ہے۔ ایسے ہی زندگی کے خوبصورت لمحات ہمارے ہاتھ سے نکلتے جا رہے ہیں۔ ہم اپنے ارگرد منتظر چہروں کی قدر نہیں کر رہے۔

ہم ہاٹن کی نگاہ سے دیکھ نہیں پا رہے۔ کئی آنکھیں ہماری منتظر ہیں۔ انکی آس اور پیاس دیدار کی طالب ہے۔ پیسہ اگرچہ ضرورت ہے اسکے کمائے بغیر گزارا نہیں۔ ایک وقت میں انسان کو بہت محنت کرنی پڑتی ہے۔ لیکن اسی روز و شب کی دوڑ دھوپ میں ہمارے پاس ایک ایسا پیمانہ بھی موجود ہونا چاہیئے کہ جس سے ہم یہ جانچ سکیں کہ قیمتی رشتوں سے میل جول میں ہم کس سطح پہ کتنے فیصد رشتے نبھا رہے ہیں۔

آج جدید دور ہے، ٹیلی فون سے رابطہ کرنا کوئی مشکل نہیں۔ ہم دور بیٹھے اپنے پیاروں سے بات کر سکتے ہیں انہیں دیکھ سکتے ہیں۔ اگرچہ لمس کی طلب پوری نہیں ہوتی۔ شہروں میں روزگار کے سلسلے اور پڑھنے کے سلسلے میں آئے اکثر نوجوان شہر کی چکا چوند روشنی میں کھو جاتے ہیں اور ان کے منتظر والدین ہر دن انتظار میں ہوتے ہیں کہ کب بچے رابطہ کریں یا ان سے ملنے آئیں۔ پھر وقت گزر جاتا ہے وہ گھر موجود ہوتے ہیں لیکن وہاں کے مکین ہمارے پیارے کسی اور جہاں کی طرف ہجرت کر چکے ہوتے ہیں اور ہمارے پاس نامرادی ہی آس پچھتاوا بنے ہمیں کوستی رہتی ہے۔

ہم نے قدر نہیں کی ہم نے انہیں وقت نہیں دیا۔ خوش بخت ہیں وہ والدین جن کی اولاد ان سے محبت کرتی بیان کی قدر کرتی ہے ان کی ادھوری خواہشیں پوری کرتی ہے، ان کو سرخرو کرتی ہے۔ ماں باپ کا اولاد سے محبت کرنا فطری اور دلی تقاضا ہے۔

ماں باپ کے دل تو ہمیشہ بچوں کی محبت میں تڑپتے رہتے ہیں ان کی ساری دوڑ دھوپ اولاد کے لیے ہوتی ہے ان کا محور و مرکز ان کی اولاد ہوتی ہے۔ رشتہ اور تعلق کوئی بھی ہو اس میں اگر خلوص قربانی اور برداشت کی چاشنی نہیں ہے تو تعلق کچھ ہی دیر میں بکھر جاتا ہے۔ ہم اپنے پیاروں کو اپنی کشش اور قوت کھو دے گا۔ بناوٹی اور کھوکھلی دنیا میں ہم نے اپنی اصل خوبیاں کھو دی ہیں،

نہ ہمیں پہچان کرتی آتی ہے۔

کھرے اور کھوٹے سکے ایک ساتھ پوری آب و تاب سے چل رہے ہیں۔ ظاہر پرست دنیا میں لوگ ہنستے چہروں کے پرستار ہیں۔ کوئی کسی کے اندر کی خوبیاں نہیں جانتا سادگی اور عاجزی والے کی قدر کھو گئی ہے اور فخر و غرور سے بھرے لوگ اپنی حکمت سے حکومت کر رہے ہیں۔

میں نے ہمیشہ لوگوں کو خامشی سے جانچا ہے۔ چپ رہنے والوں اور اپنا حق نہ مانگنے والوں کو لوگ منظر میں منظر سے پس منظر تک لے جاتے ہیں۔ بولنے والے بولتے ہیں اور اپنے لیے سب حاصل کر لیتے ہیں۔

ہمارے کئی معاشرتی المیے ہیں۔ ان میں ایک میت پہ لوگوں کا اہل خانہ کے ساتھ اظہار تعزیت سے پہلے اس کے گھر کا جائزہ یہاں تک کہ اس کے لباس اور کھانے پہ تنقید کرنا بھی شامل ہے۔

یہ دنیا صرف ظاہر

بقیہ 1

پر زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ ایسا حل ہو جو سب کے لیے استحکام اور سلامتی کو یقینی بنائے۔ عرب ٹی وی کے مطابق متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید اور مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی نے خطے کی تازہ ترین صورتحال اور اس کی سلامتی و استحکام کی بحالی کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات کے دوران انہوں نے یو اے ای اور مصر کے درمیان باہمی مفادات کی تکمیل اور خطے کی ترقی و خوشحالی کے لیے استحکام، سلامتی اور امن کو فروغ دینے کے لیے مشاورت اور ہم آہنگی جاری رکھنے کی مشترکہ اہمیت پر زور دیا۔ مصری صدارتی بیان کے مطابق ملاقات میں علاقائی صورتحال اور خطے میں سلامتی و استحکام کی بحالی کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ فریقین نے اس بات پر بھی زور دیا کہ غزہ کے عوام کو مشکل انسانی صورتحال سے بچانے کے لیے انسانی امداد کو بلا روک ٹوک ضروری مقدار میں داخل کیا جائے۔ انہوں نے دو ریاستی حل کے حصول کے لیے کوششیں جاری رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اپنی طرف سے شیخ محمد بن زاید نے بحران کے آغاز سے لے کر اب تک مصر کی مسلسل کوششوں کو سراہا، خواہ وہ غزہ میں جنگ بندی کے محاذ پر تک پہنچنے اور غزہ کے عوام کی حمایت کے لیے ثالثی کے فریم ورک میں ہو یا ان کی انسانی خلائف کو کم کرنے کی کوشش میں ہو۔ مصری صدارت کے سرکاری ترجمان سفیر محمد الشناوی نے کہا کہ ملاقات میں لبنان، شام، سوڈان، لیبیا، یمن اور صومالیہ کی صورتحال اور مجموعی علاقائی صورتحال پر بھی بات چیت کی گئی، دونوں رہنماں نے ان برادر ممالک کی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کی اہمیت پر زور دیا تاکہ ان کے عوام کے استحکام اور خوشحالی کی خواہشات پوری ہو سکیں۔

بقیہ 2

ہاؤس کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق مکہ مکرمہ میں ہونے والی ملاقات میں شہباز شریف کے ہمراہ نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحٰق ڈار، چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی اور وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ بھی موجود تھے۔ اعلامیے کے مطابق حکومت پاکستان اور عوام کی جانب سے وزیر اعظم شہباز شریف نے شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کو عید کی مبارکباد پیش کی اور دنیا بھر سے حج کی ادائیگی کے لیے سعودی عرب میں موجود حاجزین کے لیے مملکت کی مہمان نوازی اور خدمات کو سراہا۔ شہباز شریف نے حرمین شریفین کے متولی اور ولی عہد کی محفوظ اور بہترین حج انتظامات یقینی بنانے کی قابل ذکر کوششوں پر شکریہ ادا کیا۔ اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے پاکستان اور بھارت کے درمیان حالیہ کشیدگی کے دوران سعودہ عرب کے فعال کردار اور خطے میں امن و استحکام کو فروغ دینے کے عزم کو سراہا۔ انہوں نے بتایا کہ بھارتی جارحیت کے پیش نظر پاکستان نے ذمہ دارانہ نیوکلیئر پالیسی اپنائی، مزید کہنا تھا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن صرف بات چیت کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ اعلامیے کے مطابق دونوں رہنماؤں نے غزہ کی سنگین انسانی صورتحال پر بھی تفصیلی بات چیت کی۔ انہوں نے بین الاقوامی برادری پر اپنی اخلاقی اور قانونی ذمہ داریوں کو پورا کرنے پر زور دیتے ہوئے مسئلہ فلسطین کے منصفانہ اور پائیدار حل کے لیے غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا، جو عرب امن اقدام اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں پر مبنی ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے سیاسی، اقتصادی اور سیکیورٹی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کی بڑھتی رفتار پر اطمینان کا اظہار کیا، دونوں رہنماؤں نے قیادت کے مشترکہ وژن اور دونوں ممالک کے برادر عوام کی امنگوں کے مطابق اس اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید بلند کرنے پر اتفاق کیا۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان کشیدہ تعلقات کو مزید گہرا کرنے کے لیے باہمی عزم کا اعادہ کیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کو پاکستان کے سرکاری دورہ کی دعوت دی، جسے ولی عہد نے خوش اسلوبی سے قبول کر لیا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل وزیر اعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور پاکستانی وفد نے سعودی عرب کے دورے کے دوران گزشتہ شب عمرے کی سعادت حاصل کی تھی، پاکستانی وفد کے لیے خانہ کعبہ کا دروازہ خصوصی طور پر کھولا گیا تھا۔ وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل نے وفد کے ہمراہ خانہ کعبہ میں نوافل ادا کیے اور آپریشن بنیان مرصوص کی عظیم فتح پر اللہ کا شکر ادا کیا تھا۔ پاکستانی وفد نے معاشی میدان اور عوامی فلاح کے لیے کیے گئے حالیہ کامیاب اقدامات پر بھی اللہ کا شکر ادا کیا تھا۔ وفد نے ملکی ترقی و خوشحالی کے ساتھ امت مسلمہ بالخصوص ظلم و جبر کا شکار کشمیری اور فلسطینی مسلمان بہن بھائیوں کے لیے خصوصی دعائیں کی تھیں۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا وفد کے ہمراہ ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی خصوصی دعوت پر سعودی عرب پہنچے۔ گزشتہ شب عمرہ کی سعادت، خانہ کعبہ کا دروازہ خصوصی طور پر کھولا گیا، نوافل کی ادائیگی، بنیان مرصوص کی فتح پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور پاکستانی وفد سعودی ولی عہد اور وزیر اعظم محمد بن سلمان کی خصوصی دعوت پر سعودی عرب کے دورے پر ہیں جہاں انہوں نے جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب عمرہ کی ادائیگی کی۔ پاکستانی وفد کے لیے خانہ کعبہ کے دروازہ خصوصی طور پر کھولا گیا۔ وزیر اعظم اور آرمی چیف نے وفد کے ہمراہ خانہ کعبہ میں نوافل ادا کیے اور بنیان مرصوص کی عظیم فتح پر اللہ تعالیٰ کا شکرانہ ادا کیا۔ پاکستان کی معاشی میدان اور عوامی فلاح کیلئے اقدامات کے حوالے سے حالیہ کامیابیوں پر اللہ رب العزت کا شکر ادا کرتے ہوئے ملکی ترقی و خوشحالی کے ساتھ ساتھ امت مسلمہ بالخصوص ظلم و جبر کے شکار کشمیری و فلسطینی مسلمان بہن بھائیوں کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی اور وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ بھی وزیر اعظم کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 3

کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق دونوں رہنماؤں نے ٹیلیفونک رابطے کے دوران مسئلہ فلسطین کو پرامن طریقوں سے حل کرنے اور دو ریاستی حل پر عملدرآمد سے متعلق اعلیٰ سطح کی بین الاقوامی کانفرنس کی تیاریوں، حالیہ علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ علاوہ ازیں سعودی وزیر خارجہ اور جرمنی کے ہم منصب نے بھی ٹیلی فون پر رابطہ کیا۔ دوطرفہ تعلقات اور حالیہ علاقائی و بین الاقوامی صورتحال پر بات چیت کی گئی۔

بقیہ 4

وفد نے امریکہ میں بلاول بھٹو زرداری کی زیر قیادت پاکستان ہاؤس کا دورہ کیا، پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے وفد کو عشائیہ دیا۔ وفد نے امریکی قانون سازوں سے ملاقاتیں کیں، اس موقع پر امریکی ارکان کانگریس جیک برگ مین، نام سوزی، ریان زنکے، میکسن والٹرز، ایل گرین، جونتھن جیکسن، جیک جانسن، اسٹیو پاکٹ، ہنری کیوکلا، مائیک لزنر، رائلی مور بھی شریک ہوئے جارج کیشمیر اور کلیو فیلڈز سمیت دیگر نے شرکت کی۔ دوران گفتگو بلاول بھٹو زرداری نے خطے میں امن و استحکام کی اہمیت کو اجاگر کیا، اپنی گفتگو میں ان کا کہنا تھا کہ پاکستانی وفد کا دورہ ''امن کا مشن'' ہے، وزیر اعظم شہباز شریف نے وفد کو امن کا مشن دیا ہے، اس مشن میں بھارت سے بات چیت اور سفارت کاری کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کرنا شامل ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ جنگ بندی خوش آئند ضرور ہے لیکن یہ محض ایک آغاز ہے، حقیقت یہ ہے کہ پوری دنیا آج اس بحران کے آغاز کے وقت زیادہ غیر محفوظ ہے، پاکستان اور بھارت کے درمیان مکمل جنگ کی حد آج ہماری تاریخ میں کبھی بھی اتنی کم نہیں رہی، اگر بھارت میں کہیں بھی دہشت گردی کا کوئی واقعہ پیش آتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ثبوت ہو یا نہ ہو، اس کا مطلب جنگ سمجھا جاتا ہے، بھارت کا 24 کروڑ پاکستانیوں کا پانی بند کرنے کا عندیہ ایک وجودی خطرہ ہے، اگر بھارت نے یہ اقدام کیا تو یہ جنگ کے اعلان کے مترادف ہوگا، امریکی قانون ساز امن و استحکام کیلئے کوششیں جاری رکھیں۔ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ ہم یہاں اپیل کرنے آئے ہیں، امریکہ امن مشن میں ہمارا ساتھ دے، اگر امریکہ اپنی قوت امن کے پیچھے لگا دے، تو وہ بھارت کو سمجھا سکتا ہے، متنوعہ ہوں و کشمیر کے مسئلے کا حل ہم سب کے مفاد میں ہے، امریکی حکومت اور ارکان کانگریس بھارت اور پاکستان کے درمیان بامقصد اور تعمیری بات چیت میں معاونت کریں۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی کا مزید کہنا تھا کہ جس طرح ہمیں جنگ بندی کے لیے امریکہ کی فوری مدد کی ضرورت تھی، آج بھی ہمیں آپ کی فوری مدد درکار ہے تاکہ بھارت کو ایسی پالیسیوں سے روکا جاسکے۔ علاوہ ازیں امریکی ارکان کانگریس نے جنوبی ایشیا میں امن اور استحکام کیلئے اپنی مکمل حمایت کا یقین دلایا اور پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے تقریب کے اختتام پر امریکی قانون سازوں کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 5

ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیلؑ کی بے مثال اطاعت، قربانی اور تسلیم و رضا کی یاد تازہ کرتی ہے، اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں ہی ہماری انفرادی اور اجتماعی کامیابی مضمر ہے، دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس دن کو ہمارے ملک اور پوری امت مسلمہ کیلئے خیر، برکت، اتحاد اور خوشحالی کا ذریعہ بنائے۔ ایوان صدر میڈیا ونگ کی جانب سے جمعہ کو جاری تہنیتی پیغام میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے عیدالاضحیٰ کے مبارک موقع پر پوری پاکستانی قوم اور عالم اسلام کو دلی مبارکباد پیش کی اور کہا یہ دن ہمارے ایمان، قربانی، ایثار اور بھائی چارے کے جذبے کو از سر نو زندہ کرنے کا دن ہے، دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس دن کو ہمارے ملک اور پوری امت مسلمہ کے لیے خیر، برکت، اتحاد اور خوشحالی کا ذریعہ بنائے۔ صدر مملکت نے کہا کہ عیدالاضحیٰ حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیلؑ کی بے مثال اطاعت، قربانی اور تسلیم و رضا کی یاد تازہ کرتی ہے، ان عظیم ہستیوں نے اللہ تعالیٰ کے حکم کے آگے سر تسلیم خم کر کے اطاعت، وفاداری، ایثار اور قربانی کی ایک روشن مثال قائم کی، یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ اللہ کی رضا کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہیے اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں ہی ہماری انفرادی اور اجتماعی کامیابی مضمر ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ ہمیں حضرت ابراہیمؑ کے ایثار و قربانی کی روح سے سبق سیکھنے اور اسے اپنی زندگیوں میں اتارنے کی ضرورت ہے، آج ہمیں معاشرے کے کمزور اور محروم طبقات کا سہارا بننے کی ضرورت ہے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ عید کے موقع پر قربانی کے ساتھ ساتھ ہمیں یہ عہد بھی کرنا چاہیے کہ ہم اپنے اطراف میں موجود ہر محتاج، بیمار، غریب اور مسکین فرد کا ہمیشہ خیال رکھیں گے، ہمیں اپنے رویوں میں قربانی، محبت، بھائی چارے اور اتحاد کو فروغ دینا ہوگا، ہمیں بطور قوم ایک دوسرے کا سہارا بن کر، ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہو کر پاکستان کو ایک عظیم اور خوشحال ملک بنانا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ اس موقع پر پوری پاکستانی قوم کو اس عزم کا اعادہ کرنا ہے کہ ہم بحیثیت قوم دلوں کو نفرت اور تعصب سے پاک کریں گے اور خلوص نیت سے ملک و ملت کی ترقی اور امت مسلمہ کی سربلندی کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے۔ صدر مملکت نے کہا کہ اللہ تعالیٰ ہماری قربانیوں کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، پاکستان کو امن، ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے اور ہمیں ایک متحد اور مضبوط قوم بننے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ 6

آبادی، وسیع فری اکنامک عیشت کی بنیاد پر مستقبل میں شفافیت، ٹیکسوں کی آسان رسائی اور طویل المدتی، جدت پر مبنی کردار ادا کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار وزیر مملکت برائے کرپٹو بلاک چین بلال بن ثاقب نے متعدد امریکی حکام اور قانون سازوں سے ملاقات کے موقع پر ڈیجیٹل اثاثہ جات، بلاک چین قوانین اور مالیاتی جدت کے حوالے سے تبادلہ خیال کے دوران کیا۔ اس موقع پر قریبی بین الاقوامی شراکت داری اور پاکستان جیسی ایمرجنگ مارکیٹس کے ڈیجیٹل اکانومی میں مستقبل کے کردار کا بھی جائزہ لیا گیا۔ جمعہ کو یہاں موصولہ پریس ریلیز کے مطابق وزیر مملکت بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ مالیات کے شعبہ کے مستقبل کا تعین کرنے والے افراد کے ساتھ ملاقات اور تبادلہ خیال اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ پاکستان پیروی کی بجائے قیادت کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے نوجوانوں کی قیادت، جدت اور ڈیجیٹل اکانومی کے حوالے کیپٹل ہلز سے وائٹ ہاؤس تک پاکستان کے نئے تشخص کے بارے میں بات چیت کی گئی ہے۔

بقیہ 7

فلسطین تنازع کے دو ریاستی حل کی کوششوں کو تیز تر کریں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے صحافیوں سے گفتگو میں ایک بار پھر خبردار کیا کہ دو ریاستی حل کا کوئی بھی قابل قبول متبادل موجود نہیں ہے۔ انتونیو گوتریس نے مزید کہا کہ اس وقت ہم غزہ اور مغربی کنارے میں جو بھیانک صورت حال دیکھ رہے ہیں۔ اس میں انتہائی ضروری ہے کہ ہم دو ریاستی حل کی امید کو زندہ رکھیں۔ انہوں نے بتایا کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی جانب سے طلب کردہ کانفرنس کا مقصد بھی ایک عملی لائحہ عمل ترتیب دینا ہے جو دو ریاستی حل کی بنیاد پر استوار ہو۔ اقوام متحدہ کے سربراہ انتونیو گوتریس نے مزید کہا کہ جو لوگ دو ریاستی حل پر شک کرتے ہیں، میں ان سے پوچھتا ہوں: متبادل کیا ہے؟ انہوں نے مزید سوال کیا کہ آیا متبادل ایک ایسی ریاست ہے جس میں فلسطینیوں کو بیدخل کر دیا جائے یا انہیں ان کی اپنی سرزمین پر بغیر کسی حق کے زندگی گزارنے پر مجبور کیا جائے؟

بقیہ 8

کے مطابق شہر بھر میں سکیورٹی کو موثر بنانے کے لیے 3000 سے زائد پولیس افسران اور اہلکار فرائض انجام دیں گے۔ فیصل مسجد سمیت تمام اہم مساجد اور عیدگاہوں پر خصوصی حفاظتی انتظامات کیے گئے۔ عید کے دنوں میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے خصوصی ٹریفک اسکواڈ بھی تعینات ہوگا۔ شہر کے مختلف علاقوں میں ڈولفن فورس کے اہلکار گشت پر مامور رہیں گے جبکہ کسی بھی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کے لیے سی ٹی ڈی کی کوئیک رسپانس ٹیمیں الرٹ رہیں گی۔ اس کے علاوہ تفریحی مقامات پر بھی پولیس کی اضافی نفری تعینات کی گئی تاکہ عوام کو تحفظ کا احساس دلایا جاسکے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ تمام زونل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے علاقوں میں موجود رہنے کی ہدایت دی گئی۔ شہری گھرائی کے لیے سیف سٹی کیمروں سے بھی مدد لی جائے گی اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر پکار 15 پر دینے کی اپیل کی گئی۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ سکیورٹی چیکنگ کے دوران پولیس سے مکمل تعاون کریں کیونکہ اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر وقت تیار ہے۔

بقیہ 9

انہیں برن سینٹر منتقل کیا گیا تھا۔ دھماکے میں دیگر زخمی ہونے والے 3 افراد زیر علاج ہیں۔

بقیہ 10

کمیشن نے کہا ہے کہ رواں سال حج سیزن کے دوران مکہ مکرمہ اور حج مقامات پر آٹھ ذی الحجہ کو کالز کی تعداد 3.18 ملین تک پہنچ گئی۔ عرب ٹی وی کے مطابق سعودی کمیونیکیشن، سپیس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کمیشن کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ رواں سال حج سیزن کے دوران مکہ مکرمہ اور حج مقامات پر آٹھ ذی الحجہ کو کالز کی تعداد 3.18 ملین کالز کی گئیں جن میں سے 8.15 ملین مقامی اور 5.2 ملین بین الاقوامی کالز تھیں۔ موبائل انٹرنیٹ انڈیکیٹرز کے مطابق موبائل انٹرنیٹ کی رفتار 357 میگا بائٹس سیکنڈ تک پہنچ گئی جو گزشتہ برس کے اسی دن کے مقابلے میں 7 فیصد زیادہ ہے جبکہ ڈیٹا کا یومیہ فی فرد استعمال 4122 میگا بائٹس تک پہنچ گیا جو عالمی شرح 8.2 سے زیادہ ہے۔ واضح رہے کہ مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور حج مقامات پر وائی فائی رسائی پوائنٹس کی تعداد 10 ہزار 500 سے زیادہ ہے۔

بقیہ 11

پہنچانے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا، فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں، بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں اور آلہ کاروں کے خلاف آپریشنز کامیابی سے جاری ہیں۔ سکیورٹی فورسز بہادری سے فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کا صفایا کر رہی ہیں۔ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے مکمل خاتمے تک آپریشنز جاری رہیں گے۔ بہادر سکیورٹی فورسز پر قوم کو فخر ہے۔

بقیہ 12

پوچھے گئے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بھارت سے جنگ جیتنے کے بعد مسئلہ کشمیر متحرک ہو گیا ہے۔

بقیہ 13

اور جذبہ ایثار کو سلام پیش کرنے کا دن ہے جس روز حضرت ابراہیمؑ کے اللہ تعالیٰ پر توکل سے ساری انسانیت سرخرو ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جانوروں کی قربانی دے کر ہم سنت ابراہیمی سے قرب خداوندی کے شرف سے فیض یاب ہو سکتے ہیں لیکن آج جانور قربان کرتے ہوئے ہمیں اس ارض وطن پر جانیں قربان کرنے والوں کو بھی یاد رکھنا ہوگا۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ اس امر میں کوئی شک نہیں کہ معرکہ بنیان المرصوص کے شہداء اور غازیوں کے طفیل ہم آج کا یہ تہوار پرامن طور پر منا رہے ہیں۔ اسی طرح ہمیں عیدالاضحیٰ پر غزہ اور فلسطین کے مسلمانوں کے لیے بھی دعا گو ہونا ہے۔ وفاقی وزیر اور صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے اپنے تہنیتی ٹویٹ میں دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو ترقی و خوشحالی اور امن کا گہوارا بنائے۔

بقیہ 14

محمد علی سیف نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر جامع صفائی پلان کو حتمی شکل دے دی ہے۔ مشیر اطلاعات نے بتایا کہ عید نماز سے قبل تمام عیدگاہوں کی مکمل صفائی کا عمل مکمل کیا جائے گا۔ میئر شریف نے کہا کہ ماحول دوست بائیوڈیگریڈیبل شاپنگ بیگز تقسیم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں بتایا کہ گلستان آباد علاقوں میں عارضی ویسٹ کلیکشن پوائنٹس قائم کیے گئے ہیں۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا نے بتایا کہ ویسٹ ٹرانسفر اسٹیشنز کے ذریعے فضلے کو فوری ڈمپنگ سائٹس پہنچایا جائے گا۔ میئر شریف نے عیدالاضحیٰ کے حوالے سے انتظامات کی تفصیل بتاتے ہوئے کہا کہ صفائی پر مامور عملے کی نگرانی کیلئے ٹریکنگ سسٹم استعمال کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا ہے کہ تعطیلات کے دوران جرائم کش اسپرے، سڑکوں کی صفائی کا عمل جاری رہے گا۔ میئر شریف نے کہا کہ عوام سے اپیل ہے ہدایات پر عمل کریں اور ویسٹ ڈمپنگ کیلئے مختص مقامات کا استعمال کریں۔ مشیر اطلاعات کے پی نے کہا کہ نالوں، کھلے مقامات یا جنگلات میں فضلہ پھینکنے سے گریز کریں۔

بقیہ 15

دیتے ہوئے کہا کہ جمہوریت کو مذہب پر ترجیح حاصل ہونی چاہیے، آپ کو اپنے عقیدے پر عمل کرنے کا حق ہے، لیکن سرکاری اداروں میں مذہب کا عمل دخل کم ہونا چاہیے۔ واضح رہے کہ ڈنمارک نے 2018 میں عوامی مقامات پر نقاب پر پابندی عائد کی تھی۔ اب وزیر اعظم فریڈرکسن کی خواہش ہے کہ یہ قانون اسکولوں اور یونیورسٹیوں میں بھی لاگو کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ جامعات میں موجود نماز کے لیے مخصوص کمروں (prayer rooms) کو بھی ختم کرنا چاہتی ہیں، کیونکہ ان کے بقول یہ سماجی دباؤ اور جبر کا ذریعہ بن سکتے ہیں، خاص طور پر لڑکیوں کے لیے۔ تاہم وزیر اعظم نے اس بات کا اعتراف کیا کہ وہ نہیں جانتیں کہ یہ رجحان کس حد تک پھیل چکا ہے، لیکن بطور وزیر اعظم اور ایک خاتون، وہ عورتوں پر جبر کو ہرگز برداشت نہیں کریں گی۔ ان اقدامات پر انسانی حقوق کے ادارے اور مذہبی تنظیمیں سخت تنقید کر چکی ہیں اور انہیں مذہبی آزادی اور خواتین کی آزادی پر حملہ قرار دیا ہے، جبکہ حامیوں کا ماننا ہے کہ یہ قانون مسلمان تارکین وطن کو معاشرے میں ضم ہونے میں مدد دے گا۔

بقیہ 16

جاسکیں گی، فیصلے کا اطلاق عید کے تینوں روز ہوگا، عملی کے بغیر جانے والے مردوں پر پارک میں داخلے پر پابندی ہوگی، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔

بقیہ 17

نسل کشی و اسرائیل کی حمایت کے لیے اقوام متحدہ میں جنگ بندی کی قرارداد کو ویٹو کیا، ان کو امن کا داعی قرار دینا ذہنی غلامی اور ذہنی بیماری ہے، بھارت کو شکست دینے کے بعد پاکستان کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل مسلم ممالک اور ہمارے ہم خیال ممالک کے حکمرانوں اور فوجی سربراہوں کا اجلاس بلائیں اور غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی رکوانے کے لیے واضح اور دو ٹوک پیغام دیں، معیشت کی بہتری اور مہنگائی پر قابو پانے کے تمام حکومتی دعوے آہستہ آہستہ ہوا میں تحلیل ہو رہے ہیں، مصنوعی بنیادوں پر اعداد و شمار سے معیشت کبھی بہتر نہیں ہو سکتی جب عام آدمی اور تنخواہ دار طبقے پر ٹیکس بڑھے گا اور جاگیرداروں کو چھوٹ ملے گی، جب ایوان صدر، وزیر اعظم ہاؤس، گورنر ہاؤس اور وزرائے اعلیٰ ہاؤسز کے اخراجات کا بجٹ بڑھ رہا ہو اور حکمران عوام سے قربانی دینے کی باتیں کریں تو معیشت اور عوام کی حالت کیسے بہتر ہو سکتی ہے اس سال بھی تنخواہ دار طبقے نے 499 ارب روپے کا ٹیکس جمع کرایا جبکہ جاگیردار طبقے نے چار، پانچ ارب سے زیادہ ٹیکس جمع نہیں کرایا، ہمارا مطالبہ ہے کہ ایک لاکھ 25 ہزار ماہانہ تنخواہ والے کو ٹیکس سے استثنیٰ دیا جائے، بجلی کی قیمتوں میں کمی مستقل بنیادوں پر کی جائے، بجلی کی پیداواری لاگت کے حساب سے عوام سے بل وصول کیے جائیں اور بجلی کے بنیادی ٹیرف میں کمی کی جائے، پیپلز پارٹی 17 سال سے سندھ میں حکومت کر رہی ہے، پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم نے مل کر کراچی کو تباہ و برباد کیا۔ کے الیکٹرک کا قتل دیا، تعلیم اور ٹرانسپورٹ تباہ کی، کراچی کی آبادی کم کی، فارم 47 کے ذریعے مسترد شدہ لوگوں کو مسلط کروانے والے جب تک ہوش کے ناخن نہیں لیں گے کراچی کے حالات بہتر اور مسائل حل نہیں ہوں گے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو ادارہ نور حق میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان، نائب امیر کراچی و اپوزیشن لیڈر کے ایم سی سیف الدین ایڈووکیٹ، سیکرٹری کراچی توفیق الدین صدیقی، رکن سندھ اسمبلی محمد فاروق، سیکریٹری اطلاعات جماعت اسلامی کراچی زاہد عسکری، کے الیکٹرک کمپلیٹ سیل کے انچارج عمران شاہد بھی موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمن نے پوری امت مسلمہ کو عیدالاضحیٰ اور حجاج کرام کو حج کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش اور ادا کہا کہ اس دفع پاکستان کے 67 ہزار عازمین کے لیے ایک بڑی تکلیف کا پہلو رہا کہ وہ بدانتظامی و نااہلی کی وجہ سے حج کی سعادت حاصل کرنے سے محروم رہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ کے فور منصوبہ جو نعمت اللہ خان نے شروع کیا تھا اس وقت 22 سے 25 ارب روپے کا تھا آج وہ 200 ارب کا ہو چکا ہے، کراچی میں لوگ پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں جو پانی دستیاب ہے وہ بھی مافیاز کے ہاتھ میں ہے، ٹینکر مافیا کا راج ہے اور یہ سارا دھندا پیپلز پارٹی کے زیر سایہ چل رہا ہے، ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی نے کراچی کو کچھ نہیں دیا، کراچی منی پاکستان ہے، کراچی کی معیشت چلتی ہے تو پورے پاکستان کی معیشت چلتی ہے، کے الیکٹرک اہل کراچی پر ایک مستقل عذاب بنی ہوئی ہے، اس شدید گرمی اور حبس کے موسم میں اٹھارہ اٹھارہ گھنٹے کی بجلی کی لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے، چند بجلی چوروں کو پکڑنے کے بجائے پوری پوری آبادیوں کی بجلی بند کر دی جاتی ہے، جو لوگ بجلی کے بل ادا کرتے ہیں ان کا کیا قصور ہے وہ کیوں بجلی سے محروم ہیں، عدالتی فیصلوں کے مطابق اگر ایک آدمی بھی بجلی کا بل ادا کر رہا ہے تو آپ وہاں کی بجلی نہیں کاٹ سکتے، جن کے ذمے 71 کروڑ روپے کے بل ہیں ان کی بجلی نہیں کٹی ہوئی اور غریب لوگوں کی بجلی کاٹ دی جاتی ہے، جماعت اسلامی کے علاوہ کوئی بھی جماعت کے الیکٹرک کے خلاف نہیں بولتی، کے الیکٹرک سب کو نوازتی ہے، ایم کیو ایم، پیپلز پارٹی، ن لیگ، پی ٹی آئی سب نے اپنے اپنے ادوار میں کے الیکٹرک کو سپورٹ کیا ہے اور آج یہ کراچی میں ایک مافیا بن چکی ہے۔

بقیہ 18

اسٹیل ملز کی زمین پر خصوصی اقتصادی زون کے قیام کیلئے بجٹ میں 50 کروڑ روپے مختص کرنے کی تجویز ہے، پاکستان اسٹیل ملز کی مجموعی طور پر 6 ہزار 1400 ایکڑ زمین خصوصی اقتصادی زون کے لیے مختص ہوگی۔ دستاویز کے مطابق اسٹیل ملز اور کراچی انڈسٹریل پارک کو وفاقی خصوصی اقتصادی زون کیطور پر ایک ساتھ تیار کیا جائے گا، اس منصوبے کو کراچی انڈسٹریل پارک (وفاقی خصوصی اقتصادی زون) کا نام دیا جائے گا۔ دستاویز کے مطابق پہلے مرحلے میں کراچی انڈسٹریل پارک کے 1500 ایکڑ میں سے 1500 ایکڑ رقبے پر بلاک اے تیار کیا جائیگا، 1500 ایکڑ پر پھیلا کراچی انڈسٹریل پارک پاکستان اسٹیل ملز کی اراضی پر تیار کیا جارہا ہے، کراچی انڈسٹریل پارک سی پیک کے تحت ملک میں تیار کیے جانے والے 9 خصوصی اقتصادی زونز میں سے ایک ہے۔ دستاویز کے مطابق بجٹ میں ایک ہزار انڈسٹریل اسپیکنگ پوئنٹس کے قیام کے نئے منصوبے کے لیے 2.5 کروڑ روپے رکھنے کی تجویز کی ہے۔

بقیہ 19

جنگ بندی کرائی، دونوں ملکوں سے کہا کہ آپ گولیاں چلائیں گے تو تجارت نہیں ہوگی۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ پاکستان میں بہت مضبوط لیڈر شپ ہے۔ واضح رہے کہ صدر ٹرمپ پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کی بات ایک درجن بار دہرا چکے تھے۔ ہر بار یہ بات سن کر مودی سرکار سیخ پا ہو جاتی ہے اور ساتھ ہی بھارتی حزب اختلاف کانگریس کو مودی جی کا مذاق اڑانے کا پھر موقع مل گیا ہے۔ گزشتہ ماہ بھارتی سیکرٹری خارجہ وکرم مسری نے پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی میں امریکی کوششوں کا سرے سے انکار کیا تھا۔ بھارت کے سیکرٹری خارجہ وکرم مسری نے پارلیمانی کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا تھا کہ پاک بھارت فائر بندی قطعی طور پر دوطرفہ تھی، امریکی صدر ٹرمپ کا جنگ بندی میں کوئی کردار نہیں تھا۔ بھارتی سیکرٹری خارجہ نے کہا کہ ٹرمپ نے ہم سے بیچ میں آنے کی اجازت نہیں لی، ٹرمپ خود ہی اسٹیج پر آنا چاہتے تھے اور وہ آ گئے۔ واضح رہے کہ 10 مئی کو ڈونلڈ ٹرمپ نے ہی اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر اعلان کیا تھا کہ پاکستان اور بھارت جنگ بندی پر متفق ہو گئے ہیں۔

بقیہ 20

فہرست بیلجیم کی جانب سے منعقد کی گئی۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور پیپلز پارٹی شعبہ خواتین ونگ کی

City News

سٹی نیوز

اٹک: ڈپٹی کمشنر راؤ عاطف رضا ایوانس کونسلر جنرل کرسٹینا ہاکنس کو اٹک بارے بریفنگ دے رہے ہیں۔

آلائشوں کو گلیوں سڑکوں اور ایئرپورٹ کا مرہ ایئر بیس کے گرد نوانہ پھینکیں

ڈپٹی کمشنر راؤ عاطف رضا کی عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کرنے والوں سے اپیل

اٹک (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر راؤ عاطف رضا نے کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کرنے والوں کو عید کی مبارک باد کے بعد ایک اہم اپیل کرتا ہوں کہ اپنے قربانی کے جانوروں کے آلائشوں کو گلیوں سڑکوں اور خصوصی طور پر ایئرپورٹ کا مرہ ایئر بیس کے گرد نوانہ پھینکیں، گوشت خور پرندے ایئر بیس کے لیے خطرہ ثابت ہو سکتے ہیں اور خدانخواستہ کسی حادثے کا اندیشہ پیدا ہوتا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ویڈیو پیغام کے ذریعے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کیا، ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کے تمام ورکرز آپ کی خدمت کے لیے موجود ہیں عوام کو جب بھی کوئی مسئلہ ہو تو بلدیہ کا عملہ صفائی کے معاملے میں ہر وقت چاک و چوبند رہا، انہوں نے کہا کہ بلدیہ کے عملے نے چھوٹے اور بڑے بیگ بغیر قیمت کے عوام کو مہیا کیے ہیں تاکہ مخصوص جگہوں تک آلائشیں پہنچ سکیں ڈی سی نے کہا کہ آپ اپنے طور پر اپنے شہر گاؤں کو ماحولیاتی آلودگی سے دور رکھیں اور ایک اچھے شہری ہونے کا ثبوت دیں، کسی بھی جانی نقصان سے بچنے کے لیے دریاؤں، نہروں پر ہرگز نہ جائیں، عید کے موقع پر بہت سی فیملیز ڈیمز، دریاؤں کا رخ کرتی ہیں جس سے زیادہ اموات واقع ہوتی ہیں، ان سب کو مدنظر رکھتے ہوئے دریاؤں، نہروں اور ندیوں پر جانے کے لیے دفعہ 144 نافذ کی گئی ہے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

اٹک: ڈی پی او ڈاکٹر سردار غیاث گل خان، عیدالاضحیٰ 2025ء کا سیکیورٹی پلان جاری کر رہے ہیں

اٹک میں 245 مساجد اور 09 کھلے مقامات پر عید کے اجتماعات منعقد ہوں گے

اٹک پولیس نے عیدالاضحیٰ 2025ء کیلئے سیکیورٹی پلان جاری کر دیا

اٹک (نمائندہ خصوصی) اٹک پولیس نے عیدالاضحیٰ 2025ء کیلئے سیکیورٹی پلان جاری کر دیا ہے، تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک ڈاکٹر سردار غیاث گل خان کی ہدایات پر سیکیورٹی برانچ اٹک نے عیدالاضحیٰ 2025ء کے موقع پر سیکیورٹی پلان جاری کر دیا ہے، جس کا مقصد عوام کی جان و مال کا تحفظ اور پرامن ماحول کی فراہمی یقینی بنانا ہے، پلان کے مطابق ضلع بھر میں 245 مساجد اور 09 کھلے مقامات پر عید کے اجتماعات منعقد ہوں گے، جن کی سیکیورٹی پر 1500 سے زائد پولیس افسران و جوان تعینات کیے گئے ہیں، جن میں 06 ڈی ایس پیز، 14 انسپکٹرز، ایس ایچ اوز، 245 سب انسپکٹرز، اے ایس آئیز اور 1000 سے زائد ہیڈ کانسٹیبلز اور کانسٹیبلز شامل ہیں، علاوہ ازیں، سٹی ایریا میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کیلئے 150 سے زائد ٹریفک پولیس افسران اپنے فرائض انجام دیں گے، بازاروں اور مارکیٹوں میں عوام کی حفاظت کیلئے 300 سے زائد پولیس افسران تعینات کیے گئے ہیں، جبکہ پارکس اور تفریحی مقامات کی سیکیورٹی پر خصوصی طور پر 170 سے زائد افسران و جوان مامور ہوں گے، عید کے دنوں میں ایڈیشنل فورس، موبائل پٹرولنگ اور موٹر سائیکل اسکواڈ بھی بر طابق سیکیورٹی پلان بھرپور گشت پر رہیں گے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے فوری طور پر نمٹا جا سکے، اس موقع پر ڈی پی او اٹک ڈاکٹر سردار غیاث گل خان کا کہنا ہے کہ عید کے پرمسرت موقع پر عوام کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، تمام افسران و جوانان کو ہدایات دی گئی ہیں کہ وہ اپنی ڈیوٹی نہایت ایمانداری، چوکس اور خوش اخلاقی سے انجام دیں، عوام سے بھی گزارش ہے کہ پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔

جانوروں کے سری، پائے جلانے پر 7 دن کیلئے پابندی

اسلام آباد (نمائندہ) اسلام آباد میں جانوروں کے سری اور پائے جلانے پر 7 دن کیلئے پابندی عائد کر دی گئی۔ اسلام آباد ضلعی انتظامیہ کے مطابق دفعہ 144 کے تحت جاری کردہ حکم نامہ 7 جون سے 13 جون تک نافذ العمل ہوگا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق پائے اور سری جلانے کی شکایات پر فوری کارروائی ہوگی اور مقدمہ درج کیا جائے گا۔ اسلام آباد ضلعی انتظامیہ نے کہا کہ جانوروں کی آلائشوں کو نالوں اور گٹروں میں نہ پھینکا جائے۔ آلائشوں کو نکاسی آب کے نظام میں ڈالنا شہریوں کیلئے سنگین خطرہ بن سکتا ہے۔

صفائی انتظامات کو چیلنج سمجھ کر نبرد آزما ہوں گے، ذیشان رفیق

لاہور (نمائندہ) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ عیدالاضحیٰ پر صفائی انتظامات کو چیلنج سمجھ کر نبرد آزما ہوں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے مقرر کردہ اہداف کے حصول کے لئے اس بار گزشتہ سال سے بڑھ کر کام کیا جائے گا۔ وہ سول سیکرٹریٹ میں ایک اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں عید صفائی پلان اور قربانی کے جانوروں کے سیل پوائنٹس میں انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ آسیہ گل، ایڈیشنل سیکرٹری اسٹریٹ بھی موجود تھے جبکہ پنجاب بھر کی ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے سی ای اوز اور میونسپل چیف افسروں نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔

موٹر سائیکل سوار 4 مسلح افراد نے فائرنگ کر کے باپ بیٹے کو قتل کر دیا

لاہور (نمائندہ) لاہور کے علاقے ستوکتلہ میں موٹر سائیکل سوار چار مسلح افراد نے فائرنگ کر کے باپ بیٹے کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ پسند کی شادی پر ہونے والے تنازعہ کا نتیجہ ہے۔ پولیس نے بتایا کہ ملزمان گھر میں گھس کر باپ 45 سالہ سعید اور بیٹے 22 سالہ شمشاد پر فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں دونوں موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ مقتول شمشاد کے بھائی احسن کی پسند کی شادی پر تنازعہ کے باعث یہ واردات ہوئی۔ ملزمان واقعے کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔

عید کے پرامن اور محفوظ انعقاد کے لیے پولیس و انتظامیہ کے انتظامات

ضلعی انتظامیہ اور کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے درمیان موثر تعاون کو یقینی بنانے پر زور

اسلام آباد (نمائندہ) وفاقی دارالحکومت میں عید کے پرامن اور محفوظ انعقاد کے لیے پولیس اور ضلعی انتظامیہ نے بھرپور انتظامات کیے ہیں۔ ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے نماز جمعہ کے موقع پر فیصل مسجد کا دورہ کیا جہاں انہوں نے چیف ٹریفک آفیسر کیپٹن ریٹائرڈ ذیشان حیدر اور ایس ایس پی آپریشنز محمد شعیب خان کے ہمراہ سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ نماز جمعہ کے دوران تین سو سے زائد پولیس افسران شہریوں کی حفاظت اور امن و امان برقرار رکھنے میں مصروف عمل ہیں۔ ڈی آئی جی نے الرٹ ڈیوٹی سرانجام دینے والے افسران کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد پولیس ہر وقت شہریوں کی حفاظت کے لیے تیار ہے اور شہریوں کی ہر کال پر فوری ریسپانس ہمارا بنیادی فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ نماز جمعہ کے دوران تمام افسران فیلڈ میں موجود رہیں گے اور کسی بھی قسم کی لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اسی دوران چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا اور آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سیف سٹی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے جوائنٹ آپریشنز کنٹرول روم کا معائنہ کیا اور عید سیکورٹی پلان، مارکیٹوں کی ڈیوٹی اور پٹرولنگ پلان کا جائزہ لیا۔ اجلاس میں تینوں اداروں یعنی پولیس، ضلعی انتظامیہ اور کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے درمیان موثر تعاون کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ فیصل مسجد اور شہر کے دیگر اہم مقامات پر سخت سیکورٹی انتظامات کیے گئے ہیں۔ ضلع بھر کے تمام افسران فیلڈ میں موجود رہیں گے اور مربوط کوآرڈینیشن کو یقینی بنایا جائے گا۔ سیف سٹی کے ذریعے شہر میں صفائی کے مسائل کی فوری اطلاع سی ڈی اے ٹیموں کو دی جائے گی جبکہ پولیس، سی ڈی اے اور ضلعی انتظامیہ کی ٹیمیں شہر میں گشت کریں گی تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا اور محفوظ ماحول فراہم کیا جا سکے۔

پارلیمانی سیکرٹری فرح ناز اکبر کا دانش سکول اسلام آباد کی تعمیراتی سائٹ کا دورہ

سکول اب تزئین و آرائش اور تکنیکی تکمیل کے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے

اسلام آباد (نمائندہ) پارلیمانی سیکرٹری برائے وفاقی تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت فرح ناز اکبر نے دانش سکول اسلام آباد کی تعمیراتی سائٹ کا دورہ کیا جو وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں غریب بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے شروع کیا گیا ایک اہم منصوبہ ہے، وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت کے تحت یہ منصوبہ پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کی نگرانی میں 14 جنوری 2025 کو شروع ہوا تھا۔ صرف چار ماہ میں ڈھانچہ جاتی کام مکمل ہو چکا ہے اور سکول اب تزئین و آرائش اور تکنیکی تکمیل کے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے۔ اپنے دورے کے دوران انہوں نے منصوبے کے اعلیٰ تعمیراتی معیار کو سراہا۔ فرح ناز اکبر نے وزارت کے پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ، مشیروں اور کنٹریکٹرز کی پیشہ وارانہ مہارت، محنت اور کارکردگی کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ دانش سکول اسلام آباد کی بروقت تکمیل حکومت کی تعلیمی اصلاحات اور جامع قومی ترقی کے لئے پختہ عزم کی نشاندہی کرتی ہے۔

فہد ہارون کی وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان سے ملاقات

نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور خطے میں تجارت کے فروغ پر گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے ڈیجیٹل میڈیا فہد ہارون نے وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان حاجی گلبر خان اور وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی برائے تجارت و امور نوجوانان ذبیح اللہ سمیت دیگر حکام سے ملاقات کی۔ ملاقات میں گلگت بلتستان کے بین الاقوامی سطح پر شہرت یافتہ سیاحتی شعبے کو مزید اجاگر کرنے کے لیے ڈیجیٹل میڈیا اور پبلک کمیونیکیشن سے فائدہ اٹھانے کے لیے مشترکہ کوششوں پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ملاقات میں نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور خطے میں تجارت کے فروغ پر بھی بات کی گئی جس میں پائیدار اقتصادی ترقی کے لیے مشترکہ عزم پر زور دیا گیا۔ فہد ہارون نے عالمی سطح پر خطے کے پروفائل کو بڑھانے اور وسیع تر سامعین کو شامل کرنے کے لیے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی اہمیت پر زور دیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان، معاون خصوصی اور دیگر حکام نے متعدد شعبوں میں پیشرفت کو آگے بڑھانے کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ یہ باہمی مکالمہ شراکت داری کو مضبوط بنانے میں ایک اہم قدم کی نشاندہی کرتا ہے جس کا مقصد جدید مواصلاتی حکمت عملیوں کے ذریعے گلگت بلتستان کی اقتصادی اور سماجی ترقی کو بڑھانا ہے۔ 2025 کے لیے سرکردہ عالمی ٹریول پلیٹ فارمز کی طرف سے پہچانا جانے والا، گلگت بلتستان اپنی قدرتی خوبصورتی اور متحرک ثقافت کے لیے نمایاں توجہ مبذول کر رہا ہے۔

سی ٹی او کیپٹن (ریٹائرڈ) سید ذیشان حیدر نے سیف سٹی میں موجود ویب ٹی وی اور ایف ایم کنٹرول کا جائزہ لیا۔

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے تمام زونل ایس پیز کے ساتھ ایک اہم میٹنگ منعقد کی۔

عوام صفائی ستھرائی اور آلائشوں سے پاک ماحول کے لئے تعاون کریں، ڈپٹی کمشنر

مری شہر سمیت ضلع بھر میں تحصیل مری و کوٹلی ستیاں کیلئے 500 سے زائد ورکرز تعینات ہیں

راولپنڈی (نمائندہ) ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت عیدالاضحیٰ کے موقع پر ضلع بھر میں صبح 8 بجے سے قربانی کی آلائشوں کو ٹھکانے لگانے کا عمل شروع ہو جائیگا۔ مری شہر سمیت ضلع بھر میں تحصیل مری و کوٹلی ستیاں کیلئے 500 سے زائد ورکرز صفائی کو یقینی بناتے ہوئے قربانی کے جانوروں کی آلائشیں ٹھکانے لگائیں گے جبکہ راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے قربانی کے جانوروں کی آلائشوں کے لئے بڑی تعداد میں بیگ عوام میں تقسیم کیے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف مقامات لگائے گئے صفائی کیمپس کے معائنہ کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انکا کہنا تھا کہ ضلع مری کی تمام یونین کونسلوں کی سطح پر بھی آگاہی کیمپ لگائے گئے ہیں جبکہ ورکرز صفائی اور فضلات کو بروقت ٹھکانے لگائیں گے، انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر عوام الناس ضلع بھر کو صاف اور آلائشوں سے پاک رکھنے میں اپنی سماجی اور اخلاقی ذمہ داری میں ہمارا ساتھ دیں۔ صفائی کو یقینی بنانے کیلئے سیکشنل اور شام کی ٹیمیں بھی تشکیل دے دی گئی ہیں۔

عیدالاضحیٰ کے موقع پر راولپنڈی پولیس کا سیکورٹی پلان جاری

پولیس کے 2700 افسران و جوان ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے

راولپنڈی (نمائندہ) عیدالاضحیٰ کے موقع پر راولپنڈی پولیس کا سیکورٹی پلان جاری کر دیا گیا، عید الاضحیٰ کے موقع پر راولپنڈی پولیس کے 2700 افسران و جوان ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے، 604 مساجد، 72 امام بارگاہوں، 62 کھلے مقامات، پر سیکورٹی فرائض سرانجام دیئے جائیں گے، شہر بھر میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے ٹریفک پولیس کے 650 سے زائد افسران ٹریفک ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے، عید کے دنوں میں ون ویلنگ کی روک تھام کے لیے شہر بھر میں 30 خصوصی چیکس لگائی گئی ہیں، جن پر 250 سے زائد افسران ڈیوٹی سرانجام دیں گے، پبلک مقامات اور پارکس ہائے پر شہریوں کے تحفظ کے لیے 230 سے زائد افسران جبکہ قیمتانوں پر 270 سے زائد افسران تعینات کیے گئے ہیں، چاندرات پر شہریوں کی حفاظت کے لیے تھانوں کی موبائلز کی خصوصی پٹرولنگ اور 30 سے زائد چیکس لگائی گئیں ہیں، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، سی پی او سید خالد ہمدانی۔

راولپنڈی میں 7 ماہ کی بچی اغواء کے بعد قتل، 10 سالہ ملزم گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ) راولپنڈی کے تھانہ رتہ امرال کے علاقے میں 7 ماہ کی بچی کو اغواء کے بعد قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق بچی کی لاش نالے سے ملی ہے، مقتولہ مریم گزشتہ روز سے لاپتہ تھی۔ پولیس نے لواحقین کی نشاندہی پر ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم کی عمر 10 سال ہے اور وہ مقتولہ کا رشتے دار ہے، مزید تحقیقات جاری ہیں، مختلف زاویوں سے سی سی ٹی وی فوٹیجز حاصل کی گئی ہیں۔

راولپنڈی پولیس کی منشیات کے خلاف کارروائیاں، 6 افراد گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے منشیات کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران 6 افراد گرفتار کر لئے جن کے قبضے سے ساڑھی 6 کلو سے زائد چرس برآمد کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے تین افراد کو گرفتار کر کے 3 کلو 120 گرام چرس برآمد کی، صدر واہ پولیس نے ایک فرد کو گرفتار کر کے 2 کلو چرس برآمد کی، گوجر خان پولیس نے ایک فرد کو گرفتار کر کے 1 کلو 200 گرام چرس برآمد کی، نصیر آباد پولیس نے ایک فرد کو گرفتار کر کے 600 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے تک کریک ڈاؤن جاری ہے۔

عیدالاضحیٰ میں بسیار خوری خطرناک ثابت ہو سکتی ہے

لاہور (نمائندہ) عیدالاضحیٰ پر لذیذ گوشت کے پکوان جہاں خوشیوں کا حصہ بنتے ہیں، وہیں بے احتیاطی اور بسیار خوری شہریوں کو اسپتال بھی پہنچا دیتی ہے۔ طبی ماہرین نے خبردار کر دیا ہے کہ گوشت کے حد سے زیادہ استعمال، مصالحے دار کھانوں اور غیر محفوظ طریقے سے گوشت ذخیرہ کرنے کے باعث معدے کی بیماریاں، اسہال اور ہیضہ کے کیسز بڑھنے لگتے ہیں جو اسپتالوں پر دباؤ کا سبب بن رہے ہیں۔ شہری گوشت کو پلاسٹک کے تھیلوں کے بجائے پائیدار بیگز اور ایئر ٹائٹ جار میں رکھیں۔

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد محمد شعیب خان کی زیر صدارت اہم اجلاس

سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری یقینی بنانے کی ہدایات

اسلام آباد (نمائندہ) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد محمد شعیب خان کی زیر صدارت انڈسٹریل ایریا زون کے افسران سے عید سیکورٹی اور کرائم کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا، مارکیٹوں، موبیلٹی منڈیوں میں شہریوں کی سیکورٹی، سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری کو یقینی بنائیں، گرفتار ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لئے ٹھوس شواہد کی روشنی میں چالان کیا جائے۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس آپریشنز اسلام آباد محمد شعیب خان کی زیر صدارت کرائم کے حوالے سے انڈسٹریل ایریا زون کے افسران کے ساتھ اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس پی انڈسٹریل ایریا زون خان زیب، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ مارکیٹوں اور موبیلٹی منڈیوں میں شہریوں کی سکورٹی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ریکارڈ یافتہ مجرمان کی کڑی نگرانی کریں، پٹرولنگ کو بامقصد اور موثر بنائیں، جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں، سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان اور اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کے لئے کریک ڈاؤن کریں، ایس ایس پی آپریشنز نے مزید کہا کہ تمام افسران ون ویلنگ، ہلڑ بازی اور ہوائی فائرنگ میں ملوث ملزمان کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں عمل میں لائیں۔

چیئرمین سی ڈی اے، چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے عالمی یوم ماحولیات 2025 کے موقع پر منعقدہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی

راولپنڈی، اسٹیج ڈرامہ "اندھیرے کے روپ" پیش کیا گیا

ثقافتی حلقوں کے لوگ شامل ہیں نے فنکاروں کی شاندار پرفارمنس کو سراہا

راولپنڈی (نمائندہ) پنجاب کونسل آف دی آرٹس راولپنڈی کے زیر اہتمام جاری ریجنل ڈرامہ فیسٹیول کے بارہویں دن اسٹیج ڈرامہ "اندھیرے کے روپ" پیش کیا گیا۔ اس خوبصورت ڈرامہ میں معروف فنکاروں شازیہ شیخ، ڈاکٹر وقار عظیم، ثانیہ اور دیگر نے اپنی شاندار پرفارمنس پیش کی اور حاضرین سے خوب داد سمیٹی۔ اس ڈرامہ میں ناہید لڑکی ہے جو تنہائی، ماضی اور اپنے باطن کے ساتھ جدوجہد میں مصروف ہے اس کا رابطہ دنیا سے کٹ چکا ہے، مگر اس کی یادیں، خوف، امیدیں اور خواب اس سے ہم کلام ہیں۔ ان سب کا روپ ایک ہی مرد کردار میں مجسم ہوتا ہے، جو کبھی دوست، کبھی دشمن اور کبھی کوئی خوابیدہ محبوب کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ اس ڈرامہ پر وفارمنس کو لوگوں کی کثیر تعداد نے دیکھا جن میں معززین شہر، میڈیا کے احباب، فیملیز، افسران ادبی اور ثقافتی حلقوں کے لوگ شامل ہیں نے فنکاروں کی شاندار پرفارمنس کو سراہا۔ مہمانان خصوصی معروف شاعر و ڈاکٹر افشاں ملک اور راجہ نصیر نے حکومت پنجاب کے فیملی تھیٹر کے اقدام کو سراہا اور کہا کہ اس ڈرامہ فیسٹیول سے نہ صرف لوگوں کو صاف ستھری اور معیاری تفریح مہیا ہو رہی ہے بلکہ ثقافتی ورثہ بھی پروان چڑھ رہا ہے۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل محمد شکور نے تمام معزز مہمانوں، فنکاروں اور شائقین کا شکریہ ادا کیا۔

ایس پی انڈسٹریل ایریا خان زیب کا شہدا اسلام آباد پولیس کے اہل خانہ سے عیدالاضحیٰ کے موقع پر اظہار یکجہتی۔

اٹھم کوٹ شرپسندی قبضہ مافیا، منشیات فروشوں اور تکفیریوں کی گٹھ جوڑ کا نتیجہ ہے

سندھ کے معروف عالم دین علامہ ایاز علی قمی مولانا زاہد حسین جعفری کا مشترکہ بیان

حیدرآباد (نمائندہ) اٹھم کوٹ میں باغیشتر غلام رسول قریشی کی جانب سے حیدرآباد، بدین و دیگر شہروں سے تکفیری ٹولوں کو لا کر عدالتی، حکومتی اور انتظامی ادکامات کو بار بار ہوا میں اڑا کر مقدس ہستیوں کی توہین اور مقدس تبرکات کی بے حرمتی کروانے والے عمل اس بات کی مسلسل نشاندہی کر رہے ہیں کہ منظر پر موجود شرپسند اور تکفیری ٹولے کو پس پردہ دیگر طاقتور قوتوں کی پشت پناہی حاصل ہے۔ یہ شرپسندی قبضہ مافیا گروہ، قدیم منشیات فروش گروہ اور تکفیریوں کے درمیان گٹھ جوڑ کا نتیجہ ہے۔ محکمہ اوقاف تو اپنی سرکاری زمین پر سندھ ہائی کورٹ کی جانب سے جاری کردہ ادکامات پر عمل کرتے ہوئے تعمیرات کروا رہا ہے اور وہ عدالتی ادکامات بھی ان ہی لوگوں نے سندھ ہائی کورٹ میں باغیشتر بن کر خود ہی جاری کروائے ہیں اور اب وہی لوگ اپنے ذاتی مفادات کی حاصلات اور ایام عزا کی ابتدا سے قبل ہی کوئی فرقہ وارانہ فساد کروانے کے لئے عدالتی ادکامات کی بھی کھلے عام خلاف ورزی کر کے تکفیریوں کے ساتھ گٹھ جوڑ کر کے احتجاج و شرپسندانہ سرگرمیاں کر رہے ہیں جن کی قیادت غلام رسول قریشی کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار سندھ کے معروف عالم دین علامہ ایاز علی قمی اور معروف خطیب اہل بیت عدمولانا زاہد حسین جعفری نے آج روضہ اطہر بی بی پاک ماہم عدکے روضہ اطہر پر حاضری دینے اور اٹھم کوٹ کا تفصیلی دورہ کرنے کے بعد اپنے جاری کردہ مشترکہ پریس بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان عناصر کی جانب سے تکفیریوں کے ذریعہ ملک اور سندھ بھر میں مذہبی و فرقہ وارانہ فساد بھڑکانے کی سازش کی جا رہی ہے جس میں ان لوگوں کے اپنے اپنے ذاتی مقاصد کی حاصلات شامل ہیں اور ان سرگرمیوں میں پس پردہ کچھ طاقتور لوگ بھی شامل ہیں جنہیں منظر عام پر لانے کی ضرورت ہے۔

پنجاب کی جیلوں میں قیدیوں کیلئے لذیذ کھانوں کا خصوصی مینو

لاہور (نمائندہ) آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں فاروق نذیر نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر پنجاب بھر کی جیلوں کے لیے خصوصی کھانے کے مینو کے احکامات جاری کر دیے، قیدیوں کو عید کے تینوں روز لذیذ پکوان فراہم کیے جائیں گے۔ جاری کردہ مراسلے کے مطابق عید کے پہلے روز ناشتے میں حلوہ دیا جائے گا، دوپہر اور شام کے کھانے میں چکن قورمہ، پلاؤ اور روٹی فراہم کی جائے گی۔ دوسرے اور تیسرے روز کے کھانے قربانی کے گوشت سے تیار ہوں گے۔ آئی جی جیل کا کہنا ہے کہ یہ اقدامات تمام حضرات کے تعاون سے ممکن ہوں گے۔

لاہور، 3 پتنگ باز گرفتار سینکڑوں پتنگیں برآمد

لاہور (نمائندہ) پولیس نے پتنگ بازی کا منصوبہ ناکام بنا کر 3 ملزم گرفتار کر لئے۔ ایس ایچ او شاہدرہ اسد عباس کی ہدایت پر چوکی سگیاں پولیس کی کارروائی کی، پولیس نے پتنگ بازی کا منصوبہ ناکام بنا کر 3 ملزم گرفتار کر لئے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزموں میں سہیل، کامران اور اسد شامل ہیں، ملزموں سے 800 تیار پتنگیں، کیمیکل ڈور کی 10 چرخیاں برآمد ہوئیں، ملزم گاڑی میں پتنگوں کی کھیپ لے جاتے گرفتار ہوئے، مقدمہ درج کر لیا گیا۔ پولیس نے پتنگ بازی کا منصوبہ ناکام بنا کر 3 ملزم گرفتار کر لئے۔ ایس ایچ او شاہدرہ اسد عباس کی ہدایت پر چوکی سگیاں پولیس کی کارروائی کی، پولیس نے پتنگ بازی کا منصوبہ ناکام بنا کر 3 ملزم گرفتار کر لئے۔

پولیس کی حراست سے فرار ہونے والا ملزم زخمی حالت میں گرفتار

لاہور (نمائندہ) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (اے وی ایل ایس) اقبال ٹاؤن نے بڑی کارروائی کر کے چند روز قبل ہنجر وال پولیس کی حراست سے فرار ہونے والا ملزم علی حیدر کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ ترجمان کے مطابق ملزم وہیکل سٹیلنگ، موٹر سائیکلز چوری کے متعدد مقدمات میں مطلوب تھا، ملزم چند روز قبل آمنہ پارک سے شہری وقاص کی موٹر سائیکل چوری کر کے فرار ہو گیا تھا، گرفتار ملزم کو سی سی ٹی وی فوٹیج میں واردات کر کے فرار ہوتے دیکھا جا سکتا ہے۔

بی بی ماہم عد کے مزار مبارک پر شرپسندی، فسادات کروانے کی سازش ہے

غلام رسول قریشی و تکفیری ٹولہ عدالتی، حکومتی و انتظامی ادکامات کو بار بار ہوا میں اڑا رہا ہے: علامہ نثار قلندری

کراچی (نمائندہ) عدالتی، حکومتی اور انتظامی ادکامات کو ہوا میں اڑا کر بار بار مقدس ہستیوں کی توہین اور مقدس تبرکات کی بے حرمتی کرنے والے عمل اس بات کی نشاندہی کر رہے ہیں کہ منظر پر موجود غلام رسول قریشی سمیت چند تکفیریوں کو پس پردہ کسی قوتوں کی پشت پناہی حاصل ہے جو سندھ بھر میں ایام عزا سے قبل ہی مذہبی و فرقہ وارانہ فساد بھڑکانے کی سازش کر رہی ہیں لہٰذا ان گھناؤنی اور شرمناک حرکات میں ملوث پس پردہ قوتوں کو منظر عام پر لایا جائے تاکہ ان مسلسل سازشوں کا سدباب ہو سکے۔ ان خیالات کا اظہار جعفریہ الائنس پاکستان کے صوبائی صدر و استاد عالم دین علامہ نثار احمد قلندری، ضلع حیدرآباد کے صدر ساجد علی انصاری، سینئر نائب صدر سید شیر علی شاہ کاظمی، نائب صدر سید عرفان شاہ جہانیاں، جنرل سیکرٹری سید شمیم نقوی و دیگر عہدیداران نے اپنے جاری کردہ احتجاجی پریس بیان میں کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجاہدین اہل بیت کی رہائی شرف عدالت امن لینڈ کو کمرشل ہرگز تصور نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ ہائی کورٹ سرکٹ بنچ حیدرآباد کی جانب سے دیئے گئے فیصلہ کی روشنی میں محکمہ اوقاف حکومت سندھ کی جانب سے مقدس ماہم عد کے روضہ اطہر کے تعمیراتی کام کو باغیشتر غلام رسول قریشی و تکفیری ٹولہ کی جانب سے کلیئر کرانے کی کوششیں اور علاقہ میں فرقہ وارانہ کشیدگی پیدا کرانے کے لئے کوئی پہلی حرکت نہیں ہے بلکہ ان حرکات بار بار کرتے رہے ہیں۔ انہوں نے چند روز قبل غلام رسول قریشی کی جانب سے بی بی پاک کے روضہ اطہر پر حیدرآباد، بدین و دیگر شہروں سے تعلق رکھنے والے تکفیری ٹولوں کو لا کر ان سے احتجاجی مظاہرے کروا کر اشتعال انگیز نعرے بازی کروانے، کھلے عام جمگیریں دینے اور عبادات کے لئے مخصوص کیئے گئے پارکس میں رکھے ہوئے مقدس تبرکات کی بے حرمتی کرنے والے عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ شرمناک ترین عمل ہیں جنہیں کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کیا جا سکتا۔

اولمپک میڈلسٹ کے گھر ڈکیتی؛ کروڑوں کا سامان چوری

تیراک نے پیڈنگٹن پولیس اسٹیشن میں چوری کی شکایت درج کروادی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) 5 بار کے اولمپک گولڈ میڈلسٹ ایان تھورپ کے گھر چوری کی واردات ہوئی ہے، جس کے باعث وہ کروڑوں روپے کا سامان سے محروم ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آسٹریلوی سوئمنگ لیجنڈ ایان تھورپ کے گھر سے ڈاکوؤں ڈیڑھ لاکھ ڈالر (یعنی پاکستانی روپوں میں 4 کروڑ 23 لاکھ سے زائد) کا قیمتی سامان لے اڑا، جس میں گھڑیاں، زیورات اور دیگر سامان شامل